لائبریری مرکز معارف اولیاء دربار سیدی حضرت داتا گنج بخش لاہور کے لئے آپ کی شاندار ترتیب پر مبنی کتاب ''الموسوعة المسمی بہ سر اللّٰہ الاعظم فی الصلوٰة والسلام علی سیّدنا ومولانا محمد خیر الانام '' (درود وسلام کی نادر کتب کا انسائیکلو پیڈیا) بوساطت جناب پروفیسر ڈاکٹر ضیاء المصطفیٰ قصوری موصول ہوئی ہے۔ یہ کتاب حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہ صرف والہانہ محبت اور عقیدت کا بین ثبوت ہے بلکہ کتاب کی ضخامت اور اس میں شامل درود وسلام کا بحر بے کراں، اس بات کا غماز بھی ہے کہ اس کتاب کی ترتیب عشق مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم سے لبریز ہو کر کی گئی ہے۔

منبع فیوض وبرکات حضرت سیّد علی ہجویری رحمۃ اللہ علیہ کے زیر سایہ قائم مرکز معارف اولیاء میں موجود لائبریری میں اس کتاب کی موجودگی زائرین / قارئین کے لیے یقیناً باعث اطمینان ہوگی اور درود وسلام سے اپنے قلوب کو معطر ومنور کرنے کا بہترین ذریعہ ثابت ہوگی۔ کتاب کو باقاعدہ:

جلد اوّل ، جلد دوم ۔۔۔ اندراج نمبر: 10310 تا 10311

''Accession Register'' میں درج کر کے قارئین کے مطالعہ کے لیے مہیا کر دیا گیا ہے۔ یقیناً آپ کا یہ عطیہ / ہدیہ ہماری لائبریری میں ایک بہترین اضافہ اور آپ کا صدقہ جاریہ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کا عطیہ قبول فرمائے اور آپ کے علم وعمل میں مزید ترقی عطا فرمائے۔

والسّلام

سلیم اللہ
۱۱/۱۶/۲۰۱۴

(میاں سلیم اللہ اویسی)

ایگزیکٹو آفیسر مرکز معارف اولیاء داتا دربار
محکمہ اوقاف ومذہبی امور پنجاب لاہور

دُرود و سلام کی نادر کتب کا انسائیکلو پیڈیا

اِس کتاب کی اشاعت، زیارت اور تلاوت، باعثِ سعادت وسیادت ہے

اُن کے در سے مجھے مل جائے غلامی کی سند

میرے معبود کوئی حرف میں ایسا لکھوں

دُرودشریف کے فضائل اور فوائد جتنے بھی لکھے جائیں کم ہیں۔ کوئی بھی قلم کار لکھ کر یا کوئی بھی مقرر بیان کر کے اس کا حق ادا نہیں کر سکتا۔ جب سے یہ کائنات تخلیق ہوئی ہے۔ ایک ہی صدا، ایک ہی اعلان، جب تک یہ کائنات باقی ہے، ایک ہی صدا، ایک ہی اعلان، میرے محبوب ﷺ سے پیار کرو۔ میرے محبوب ﷺ کی اطاعت کرو، میرے محبوب ﷺ کی اتباع کرو۔ میرے محبوب ﷺ پر دُرود پڑھو۔

میں سلام پیش کرتا ہوں، اُن باعزم، باکردار اور پاکباز لوگوں کی عظمت کو، جنہوں نے لمحاتِ زیست کو دُرود وسلام کے عام کرنے کیلئے وقف کر رکھا ہے۔ یہ پُر خلوص جذبہ بہت کم لوگوں کے حصے میں آتا ہے۔ ان لوگوں پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل واحسان اور حضور نبی کریم ﷺ کی خاص نظرِ کرم ہوتی ہے۔ وہ واقعی مقدر کے سکندر ہوتے ہیں جو نفسانفسی کے اس دور میں دُرود وسلام کے فروغ کیلئے اپنی توانائیاں صرف کر رہے ہیں۔

ذہن وقلب پر نور کی بارش برسانے والی دُرود وسلام کی مذکورہ بالا ضخیم کتاب، لفظ، لفظ روشنی، صفحہ، صفحہ خوشبو۔ الحمدللہ! میری دُرود وسلام کی لائبریری ''دُرود محل'' کی زینت ہے اور یہ یقیناً اس لائبریری میں قابل قدر اور قابلِ فخر اضافہ ہے۔ کتاب پا کر بہت خوشی ہوئی۔ میں نے ایک، ایک کر کے ''دُرود محل'' کیلئے چار سو کتابیں بڑی مشکل سے جمع کی ہیں۔ پھر یکبارگی چالیس نایاب اور نادر کتابوں کا تحفہ ایک ساتھ مل گیا۔ میری خوش بختی کی انتہا نہ رہی۔ میں تو سوچ بھی نہ سکتا تھا کہ اتنی ساری کتابیں ایک ساتھ مل جائیں گی۔ جزاک اللہ۔

جناب حافظ صاحب نے جس لگن، محنت اور خلوص کے ساتھ کتاب ترتیب دی ہے۔ وہ ان کے دُرود شریف کے بارے میں وسیع مطالعے، اپنے شیخ سے والہانہ محبت اور حضور پاک ﷺ سے عشق کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ یہ کام ہر کسی کے بس کا نہیں۔ ایسا کام پیر ومرشد کی توجہ اور حضور انور ﷺ کی نگاہِ لطف وکرم کے بغیر ممکن نہیں۔ جس طرح حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا (خیبر کا دروازہ تنِ تنہا اکھاڑنے کے بعد): ''(یہ دروازہ) میں نے جسمانی طاقت سے نہیں، روحانی طاقت سے اکھاڑا''۔ ذیشان انجم اور حافظ صاحب کا یہ کام بھی روحانی قوت اور فیضِ نورانی کا ثمرہ ہے۔

کتاب کی دونوں جلدیں بہت ہی زیادہ نفاست اور خوبصورتی کے ساتھ زیورِ طبع سے آراستہ ہوئی ہیں اور خاصے کی چیز ہیں۔ کیا کہوں، بس! ''دیکھنے کی چیز ہے، اِسے بار بار دیکھ''۔ بلکہ یوں ''پڑھنے کی چیز ہے اسے بار بار پڑھ''۔ میرے آقا ﷺ کے ذکر پر مبنی ہر کتاب دل کا سرور اور آنکھوں کا نور ہوتی ہے مگر یہ کتاب تو ''نُوْر' عَلٰی نُوْر'' ہے۔

مرتبین نے ''دُرود و سلام کی نادر کتب کا انسائیکلو پیڈیا'' کی صورت میں ایمانی اور روحانی نعمتوں کا خزانہ ہمارے ہاتھوں میں دے دیا ہے۔ یہ کتاب اُمت مسلمہ کیلئے نسخہ کیمیا ہے۔ دُرود و سلام کا اپنے آقا ﷺ کی بارگاہِ عالیہ میں پیش کرنا ایک نہایت حسین عمل ہے۔ اسی مناسبت سے کتاب کو حُسین سے حُسین تر مرتب کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حافظ صاحب اور ذیشان صاحب کو اس محبت اور خلوص کے عوض اپنے دربار میں اعلیٰ روحانی مقام و مرتبہ عطا فرمائے اور آپ (دونوں) کا سینہ جس طرح سرکارِ مدینہ ﷺ کی محبت میں روشن ہے، اسی طرح اس روشنی سے ہم ایسے تاریک دلوں کو بھی روشنی عطا فرمائے (آمین)۔

میرا یہ ایمان ہے کہ دُرود و سلام کی تدوین، تزئین و آرائش اور ترتیب واشاعت، ایسی سعادت ہے کہ جسے یہ سعادت نصیب ہو جائے، اُس خوش نصیب پر فیوض و برکات کی بارش کا سلسلہ تا ابد جاری رہتا ہے۔ سبحان اللہ!

میرے محترم المقام مہربان افتخار احمد اور ذیشان انجم، اسمِ بامسمّٰی ہیں یعنی انہوں نے اپنے افتخار اور ذیشان کی نسبت سے بہت ہی شان والا فخر حاصل کر لیا۔ اس افتخار پر وہ جتنا بھی اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کریں کم ہے۔ جناب افتخار صاحب، صاحبِ افتخار اور صاحبِ مقام ہستی ہیں، جن کی محبت وہ گھنی چھاؤں ہے، جس کی تمنا ہر شخص کرتا ہے۔ دعا ہے کہ ان کی صحبت کا فیض ہمیشہ سلامت رہے اور ہم اسی طرح فیض یاب ہوتے رہیں۔

الٰہی غنچۂ امید بکُشا!

دعا گو

علی محمد چوہدری

خادمِ ''دُرود محل''

مسافر خانہ، بہاولپور

30 ستمبر 2014ء

airblue

My Dear Mr. Iftikhar Ahmed Hafiz Qadri
&
Dr. Muhammad Zeeshan Anjum Qadri, My lovely younger brother

Assalamo Alaikum

Men dream, act and live a life of desires, some of which often remain unfulfilled. However, after seeing your great work of Darood O Salam, Rare Books Encyclopedia, I strongly believe that this work is the ultimate desire fulfilled by both groups, who created it and those who received it. No bigger desire can be wished after being associated with this great work.
May Allah Bless You!

While Arabic is not my first language; nevertheless, the words themselves hold so much life as if the love, affection and respect of Prophet Muhammad ﷺ (Peace Be Upon Him) oozes out of every line and every word. I am lucky to have this set of divine blessings as part of my book shelf, part of my home and part of my life...

Probably, the most important achievement is the online visibility of this Encyclopedia. When looked at in a more philosophical way, may I share my feeling that; the ubiquity of The Name of Muhammad PBUH has blessed and broaden its blissful presence on the unlimited access possibilities of internet. Be it any part of the world, be it in-flight or be it even in Space, the work can be approached online anytime, always. www.salat-o-salam.com

I wish you and your team, all the best. My deepest prayers are with you as you have become the part of an eternal blessed caravan, whom Allah has chosen to spread the name of Muhammad ﷺ (Peace Be Upon Him).

May Allah give us *Taufeeq* to act upon the teachings of our Great Prophet Muhammad PEACE BE UPON HIM. Aameen.

With Profound Regards

Sqn Ldr (R) Muhammad Naushad Anjum , Msc Psychology
Presently
First Officer, Air Blue Airlines
Pakistan

- Ex-Flight Instructor Pakistan Air Force
- Ex-Flight Instructor UAE Air force and Air Defense
- Member of The Society of Counseling Psychology, USA
- Member of EAAP (European Association of Aviation Psychology)
- Member of ISASI (International Society of Air crash Safety Investigators)
- Member of Human Factors and Ergonomics Society, USA
- Member of Royal Aeronautical Society, UK
- Member Flight Safety Foundation, USA
- Member of PPA (Pakistan Psychological Association)

درُود و سلام کی ویب سائٹ اور فیس بک

دُرود وسلام کے مذکورہ اوّلین و نادر انسائیکلو پیڈیا کی اشاعت کے بعد اُس کی نشر و اشاعت اور ترغیب و ترویج کیلئے باقاعدہ ایک ویب سائٹ تیار کروا کر عشاق و محبین دُرود وسلام کی خدمت میں پیش کی، جس سے ایک کثیر تعداد اُس کے فیوضات و برکات سے مستفیض ہو رہی ہے۔ ویب سائٹ کا ایڈریس درج ذیل ہے۔

: www.salat-o-salam.com

اسی طرح سوشل میڈیا پر بھی دُرود وسلام کی اشاعت اور اُسے عام کرنے کیلئے فیس بک کا ایک Page بھی ترتیب دے کر پیش کیا ہے جس کا ایڈریس درج ذیل ہے۔

f : www.facebook/salat.o.salam

عاشقین دُرود وسلام! آگے بڑھیں اور اس نادر ذخیرۂ دُرود وسلام کو پڑھنے میں آپ بھی شامل ہو کر دین و دنیا کی برکات و خوشیاں حاصل کریں اور سب سے بڑھ کر تاجدارِ مدینہ ﷺ کی شفاعت کے مستحق ٹھہریں۔ (ان شاء اللہ العزیز)۔ دُرود وسلام کی مذکورہ کتب اور انسائیکلو پیڈیا کے حصول کیلئے کتاب کی ابتداء میں دیئے گئے ایڈریس پر رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

آخر میں ہمارے ساتھ بھی مل کر ایک بار بارگاہِ نبوی ﷺ دُرود وسلام کا نذرانہ پیش کریں۔

اَلصَّلوٰۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَاسَیِّدِی یَارَسُوْلَ اللّٰہ

وَعَلٰی آلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَاسَیِّدِی یَاحَبِیْبَ اللّٰہ

نا قبولِ بارگاہِ حق کبھی ہوتا نہیں
غور کے قابل ہے یہ تخصیص و تفریدِ دُرود

خوش مقدر، کیا سعادت مند ہے ذیشان بھی
جس نے پھیلائی ہے یہ خوشبوئے جاویدِ دُرود

مژدۂ بخشش ہے حافظ افتخار احمد تجھے
خوب و دل آویز کی ہے تو نے تسوید دُرود

عالمِ اسلام میں زیاراتِ مقدسہ کی ویب سائٹ

خادمِ درُود و سلام، افتخار احمد حافظ قادری کا شمار آفاقی زیارتی سیاحوں میں ہوتا ہے، پھر اُن سیاحتوں کے نتیجے میں چالیس (40) سے زائد کتب اور سفرنامے اُن کے قلم سے معرضِ وجود میں آئے۔ آپ کو کئی روحانی سعادتوں کے حصول کا اعزاز حاصل ہے۔ افتخار احمد حافظ قادری کی زیاراتِ مقدسہ کے سفرناموں پر مشتمل ایک ویب سائٹ تیار کر کے شائقین زیاراتِ مقدسہ کی خدمت میں پیش کی گئی ہے۔ جس میں اُن کے بلادِ اسلامیہ میں زیاراتِ مقدسہ پر حاضریوں کے سفرنامے، اُن کا اور اُن کے آباؤ اجداد کا مختصر تعارف، تعلیم، نامور اساتذہ کرام، سروس، عالمی کانفرنسز میں شرکت، بیعت اور کئی مفید معلومات موجود ہیں۔ ویب سائٹ کا ایڈریس اور دوسری معلومات درج ذیل ہیں۔

www.ziarat-e-muqadisa.com
ziarat.e.muqadisa@gmail.com
iftakharahmad1112@gmail.com
Facebook/ziarat.e.muqadisa
+92-344-5009536

شائقینِ زیاراتِ مقدسہ!

اس نادر ذخیرۂ کتب میں موجود معلومات کا مطالعہ فرمائیں اور گھر بیٹھے رنگین و دلکش نادر تصاویر کے ہمراہ ان زیاراتِ مقدسہ کی زیارت کا شرف حاصل کر کے اپنے قلوب و اذہان کو معطر و منور کریں کیونکہ بزرگوں کا ذکر کرنے سے رحمتِ خداوندی کا نزول ہوتا ہے۔

وہ قلم تحسین کا حق دار ہے جس نے لکھیں
یہ کتب، آئینۂ فوز و فلاح و منفعت

آفتابِ مطلعِ صدق و صفا کی اک کرن
ایک موجِ بادۂ مے خانۂ روحانیت

اولیاء کے ذکر سے تاریکیاں کرتا ہے دُور
افتخار احمد کا مُدت سے قلم ہے نور بار

ہم سے دور افتادگاں کو بھی سنایا اُن کا حال
اُس نے علم و فقر کے دیکھے جو امصار و دیار

عالمِ اسلام کا لاریب سیاحِ عظیم
ہے مسلّم اُس کا اربابِ نظر میں اعتبار

اُن کے درباروں پہ وہ حاضر ہوا
دائمی ہے جن کا اوج و اقتدار

اُس نے ذوق و شوق سے طارق کیا آراستہ
وہ گلستاں جو قیامت تک رہے گا پُر بہار

عبدالقیوم طارق سلطانپوری حسن ابدال

وظیفۂ ربُّ الانعام و ملائکۂ کرام

نبی پاک ﷺ پر درُودِ پاک پیش کرنا

سب مل کر بارگاہِ رسالتِ مآب ﷺ میں

ایک بار پھر

درُود وسلام

کا نذرانہ پیش کریں

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَ بَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَ مَوْلَانَا

مُحَمَّدِنِ النُّوْرِ الذَّاتِیْ وَالسِّرِّ السَّارِیْ

فِیْ سَآئِرِ الْاَسْمَآءِ وَالصِّفَاتِ

یہ درُودِ پاک سیدنا حضرت ابوالحسن الشاذلی رضی اللہ عنہ کا تالیف کردہ ہے۔ سیدی شیخ شہاب الدین احمد بن عبد الفتاح الشافعی المصری رحمۃ اللہ علیہ (م 1181) فرماتے ہیں کہ اس درُودِ پاک کا ایک مرتبہ پڑھنا ایک لاکھ درُود پڑھنے کے برابر ہے۔

دُعائے سیدنا ابو العباس المُرسی رضی اللہ عنہ
اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِاُمَّۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ
اَللّٰھُمَّ اَصْلِحْ اُمَّۃَ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ
اَللّٰھُمَّ تَجَاوَزْ عَنْ اُمَّۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ
اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنَا مِنْ اُمَّۃِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ
آمِیْن بِجَاہِ سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْن
صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ

افتخار احمد حافظ قادری

کے

مرحومین

خصوصاً

والدین کریمین

برادرِ بزرگ

ہمشیرۂ محترمہ

اور

چند دیگر عزیز و اقارب

کا

مختصر تذکرہ

موت کیا ہے؟

کیا موت فنا کا نام ہے؟ نہیں موت تو بقاء کا نام ہے۔ نبی اکرم ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے کہ ''ایمان والوں کو موت نہیں آتی بلکہ وہ اپنے عارضی گھر سے دائمی گھر کی طرف روانہ ہوتے ہیں اور اُس گھر تک پہنچنے کیلئے موت ایک پُل کا کام کرتی ہے''۔

سرکارِ بغداد سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ موت کا فلسفہ اس طرح بیان فرماتے ہیں کہ رب تعالیٰ نے مجھے بذریعہ الہام مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ ''اے غوثِ اعظم! اگر انسان جان لے کہ اُس کیلئے موت کے بعد کیا ہے تو وہ پھر اس عارضی زندگی کی ہرگز آرزو نہ کرے''۔ لہٰذا ہم سب پر واجب ہے کہ اس سفرِ عظیم کیلئے ہم تیاری کرتے رہیں تاکہ اگلی زندگی میں ہم کامیاب ہو جائیں۔

اس بندۂ ناچیز کا خاندان انتہائی مختصر افراد سے شروع ہوا، جدِ امجد حضرت گل محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ تقریباً سوا صدی قبل سرزمینِ خراسان سے مردِ حق کی تلاش اور روحانی منازل کی تکمیل کیلئے سفر کرتے ہوئے پشاور اور پھر گولڑہ شریف میں بڑے پیر صاحب حضرت پیر فضل الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ (اعلیٰ حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ کے والدِ گرامی کے ماموں) کی بارگاہِ اقدس میں ایسے حاضر ہوئے کہ دوبارہ اپنے آبائی وطن کی طرف رُخ نہ کیا۔ جدِ امجد نے گولڑہ شریف میں شادی فرمائی جس سے دو اولادیں ہوئیں۔ ایک ہمارے والدِ محترم اور ایک ہماری پھوپھی صاحبہ اور پھر رفتہ رفتہ اس خاندان میں خیر و برکت ہوتی چلی گئی۔ جدِ امجد حضرت گل محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کا وصال اندازاً 1923ء میں ہوا اور بڑے پیر صاحب حضرت پیر فضل الدین قادری رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں کی جانب ابدی نیند سو رہے ہیں۔

ہم نے اپنے جدِ امجد کا زمانہ تو نہیں پایا لیکن جب سے ہوش سنبھالا تو اپنے والدِ گرامی کے ہمراہ اپنے جدِ امجد کے مزارِ مبارک پر حاضری دیا کرتے۔ ہمارے خاندان میں ہمارے سامنے سب سے پہلے ہمارے والدِ گرامی کا انتقال ہوا پھر پھوپھی صاحبہ، برادرِ بزرگ محمد نصیر احمد قادری، والدہ محترمہ فضل نیشاں، بہنوئی محمد اسلم، اکلوتی خالہ شاہجہاں، اکلوتے ماموں غلام مصطفیٰ اور اُن کی زوجہ، اپنے سسر محمد بوستان خان اور اُن کی زوجہ اور اُن کے دو بیٹے اور پھر اپنی پیاری بڑی ہمشیرہ محترمہ پروین اختر المعروف پروین گولڑہ کا انتقال ہوا۔ ان مرحومین میں سے اکثر کی قبورِ مبارکہ کے عکس آئندہ صفحات پر ملاحظہ فرمائیں۔

الحمدللہ! حسبِ توفیق ان تمام مرحومین کے ایصالِ ثواب کیلئے کچھ نہ کچھ کرتے رہتے ہیں۔ دُرود و سلام کی یہ بابرکت کتاب بھی عید میلادالنبی ﷺ 1436ھ کے مبارک موقع پر انہی کی یاد اور ایصالِ ثواب کیلئے شائع کر رہے ہیں۔ جن جن احباب تک یہ کتاب پہنچے اُن سے گزارش ہے کہ وہ ان کتابوں میں موجود صیغہ ہائے دُرود و سلام کو باقاعدگی سے پڑھیں اور ان مرحومین کیلئے دُعائے بخشش و مغفرت کرتے رہیں۔

آئندہ کے صفحات میں اپنے ان مرحومین اور چند عزیز و اقارب کا مختصراً تذکرہ، اُن کے ایصالِ ثواب کیلئے اب تک ہونے والے تحریری کام کا ذکر کیا جائے گا۔ دُعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ ہمارا بھی خاتمہ ایمان اور خیر پر فرمائے اور قبر میں سرکارِ مدینہ ﷺ کی زیارت و شفاعت نصیب فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

طالبِ دُعا: افتخار احمد حافظ قادری

افتخار احمد حافظ قادری کے والدین مرحومین اور چند اقارب کی قبورِ مبارکہ کے عکس

جدِ امجد حضرت گل محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ

والدِ محترم حضرت حافظ فقیر محمد رحمۃ اللہ علیہ

پھوپھی محترمہ غلام عائشہ رحمۃ اللہ علیہا

والدۂ محترمہ فضل نیشاں رحمۃ اللہ علیہا

ہمشیرہ محترمہ پروین اختر رحمۃ اللہ علیہا

یہ تمام قبور گولڑہ شریف میں موجود ہیں۔

افتخار احمد حافظ قادری کے والدین مرحومین اور چند اقارب کی قبورِ مبارکہ کے عکس

برادرِ محترم محمد نصیر احمد رحمۃ اللہ علیہ

ماموں محترم غلام مصطفیٰ رحمۃ اللہ علیہ

ممانی محترمہ فضیلت جان رحمۃ اللہ علیہا

یہ تمام قبور افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ کے قبرستان میں ہیں

سسر محترم محمد بوستان خان رحمۃ اللہ علیہ

خوش دامن محترمہ نور جان رحمۃ اللہ علیہا

یہ دونوں قبور مبارکہ قبرستان ہارلے سٹریٹ، راولپنڈی کینٹ میں ہیں

حافظ فقیر محمد قادری چشتی رحمۃ اللہ علیہ و مسمات فضل نیشاں رحمۃ اللہ علیہا

(والدین کریمین، افتخار احمد حافظ قادری)

والد محترم حضرت حافظ فقیر محمد 1910ء کے لگ بھگ سرزمینِ گولڑہ شریف میں پیدا ہوئے۔ حفظِ قرآن کی سعادت حاصل کی اور اعلیٰ حضرت قبلہ پیر سید مہر علی شاہ قادری چشتی نظامی رحمۃ اللہ علیہ کے دستِ مبارک پر بیعت کا شرف حاصل کیا، فارسی اور پشتو روانی سے بولتے تھے۔ اپنے والدِ گرامی حضرت گل محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد 1935-1930ء میں گولڑہ شریف سے راولپنڈی شہر کے ایک مقام پرانا قلعہ منتقل ہوگئے۔ اعلیٰ حضرت کے حکم پر فتح جنگ کے موضع کھنبھی کی ایک خاتون سے شادی ہوئی جو خانقاہ گولڑہ شریف کی عقیدت مند تھی۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اُن کو سات بیٹوں اور دو بیٹیوں سے نوازا۔

پرانا قلعہ میں ایک طویل عرصہ گزارنے کے بعد سال 1957-1956ء میں کوچہ شاہین، صدر بازار میں کرائے کے ایک گھر میں مقیم ہوگئے، جہاں پر تقریباً 10-9 سال رہائش کے بعد سال 1966ء کے اواخر میں مولوی محلّہ، صدر میں ایک مختصر سی جگہ خریدی اور اُس پر مکان تعمیر کرنے کے بعد اُس گھر میں مستقل رہائش اختیار کرلی۔ قبلہ والد صاحب درویشانہ اور متوکلانہ زندگی گزارتے تھے۔ وسیلۂ روزگار تجارت تھا، پہلے پہل کپڑے کی ایک دکان تھی، پھر اُس کو ٹوپیوں کی دکان میں تبدیل کردیا۔ ہر سال موسمِ گرما میں چار سے چھ ماہ تک اہل خانہ کے ہمراہ مری (گھوڑا گلی) میں قیام کیا کرتے اور یہ سلسلہ کئی سالوں تک جاری رہا۔

سال 65-1964ء میں پہلا حج بذریعہ ہوائی جہاز کراچی کے کچھ احباب کے ہمراہ ادا کیا۔ پھر سال 1972ء میں دوسرا حج By Road براستہ افغانستان، ایران، عراق، کویت، اُردن اور شام اپنے قدیمی دوست حاجی محمد شفیق کے ہمراہ ادا کیا۔ دورانِ سفر ان ممالک میں زیارات کا بھی شرف حاصل کیا، خصوصی طور پر بغداد شریف میں حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی بارگاہِ اقدس میں حاضری کی سعادت حاصل ہوئی۔ اپریل 1980ء میں عمرہ وزیاراتِ مدینہ منورہ کا شرف حاصل کیا۔ اس سفرِ مقدس میں اس بندۂ ناچیز کے علاوہ اُس کے برادر بزرگ محمد نصیر احمد، والدۂ ماجدہ اور پھوپھی صاحبہ بھی شامل تھیں۔ اگلے سال 1981ء میں بھی اپنے احباب کے ہمراہ آپ نے عمرہ شریف اور مدینہ منورہ میں حاضری کا شرف حاصل کیا۔

والدِ محترم جناب حافظ فقیر محمد، حافظِ قرآن تھے، راولپنڈی کی کئی مساجد اور گھروں میں نمازِ تراویح پڑھائیں جن جن مقامات میں اس بندۂ ناچیز نے اُن کی اقتداء میں نمازِ تراویح پڑھیں اُن میں جامع مسجد فضل الٰہی صدر بازار، جامع مسجد فضلِ حق سٹیشن روڈ صدر، جامع مسجد احمد جان بینک روڈ، مدرسہ عربیہ انوار القرآن مولوی محلّہ صدر، اپنے قدیمی دوست حاجی محمد شفیق کے گھر اور اپنے گھر واقع مولوی محلّہ صدر میں۔ آپ اکثر محافلِ شبینہ کا بھی اہتمام فرمایا کرتے۔ اس بندہ نے دیکھا کہ وہ اپنے گھر میں تین دن میں مکمل قرآن پاک کی تلاوت کا اہتمام کرتے اور اُن کا یہ سلسلہ تادمِ آخر جاری وساری رہا۔ اپنے گھر سے بچوں کو حفظِ قرآن کی تعلیم کا آغاز کیا۔ اس کے علاوہ ہفتہ میں ایک دن درسِ قرآنِ پاک کا بھی اہتمام کرتے اور ایک دن درسِ حدیث شریف کا انتظام کرتے اور درسِ حدیث کیلئے راولپنڈی کی مشہور شخصیت حضرت مولانا عارف اللہ شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ تشریف لایا کرتے۔

جب یہ سلسلہ بڑھتا چلا گیا تو پھر مولوی محلّہ میں ایک دینی مدرسہ کی بنیاد بنام "**مدرسہ عربیہ انوار القرآن**" رکھی جہاں پر حفظِ قرآن کے علاوہ درسِ قرآن اور درسِ حدیث کی محافل ہوا کرتیں جس میں کثیر تعداد میں احباب شامل ہوا کرتے تھے۔

بحمد اللہ! یہ مدرسہ آج بھی والد صاحب کے صدقہ جاریہ کیلئے قائم و دائم ہے اور اُس میں ذکر اللہ اور ذکرِ رسول ﷺ کے نغمے بلند ہو رہے ہیں۔

سرکارِ مدینہ ﷺ سے والدِ محترم کی عقیدت اور محبت کا یہ عالم تھا کہ ہم نے جب سے ہوش سنبھالا تو دیکھا کہ ہمارے گھر میں باقاعدگی سے ہر ماہ چاند کی بارہ تاریخ میلاد شریف کی محفل منعقد ہوتی اور آخر میں لنگر تقسیم کیا جاتا۔ والد صاحب چونکہ چشتی مشرب بھی رکھتے تھے اس لئے میلاد شریف کی محافل میں کبھی کبھار قوالی بھی کروایا کرتے اور اُس دوران آپ پر ایک عجیب کیفیت طاری ہوتی۔ آپ کی ساری حیاتِ مبارکہ میں ان بابرکت و پُرکیف محافل میں کبھی بھی تعطل نہ آیا۔

سرکارِ دو عالم ﷺ سے عشق و محبت کے اسی نتیجے میں آپ رحمۃ اللہ علیہ کا وصال بھی چاند کی بارہ تاریخ کو عین اُس وقت ہوا جس وقت آپ رحمۃ اللہ علیہ محفلِ میلاد میں اختتامی دُعا کروایا کرتے تھے۔ آپ رحمۃ اللہ علیہ کا وصالِ مبارک بروز ہفتہ 21 جنوری 1989ء بمطابق 12 جمادی الثانی 1409ھ کنٹونمنٹ ہسپتال میں ہوا۔ بروز اتوار مورخہ 22 جنوری 1989ء کو پہلی نمازِ جنازہ افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ میں ادا کی گئی۔ دوبارہ نمازِ جنازہ گولڑہ شریف میں بعد نمازِ عصر ادا کی گئی جس میں خصوصی طور پر حضرت قبلہ بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کے فرزندِ ارجمند سجادہ نشین گولڑہ شریف حضرت قبلہ غلام معین الدین المعروف بڑے لالہ جی رحمۃ اللہ علیہ اور ایک جمِ غفیر نے شرکت کی۔ نمازِ جنازہ کے بعد حضرت پیر سید فضل الدین شاہ قادری رحمۃ اللہ علیہ کے زیرِ سایہ آپ رحمۃ اللہ علیہ کی تدفین ہوئی۔ محترمی جناب طارق سلطانپوری صاحب نے آپ رحمۃ اللہ علیہ کا قطعہ تاریخ سالِ وفات تحریر فرمایا جو آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرما سکتے ہیں۔

والدہ محترمہ مسمات فضل نیشاں رحمۃ اللہ علیہا کا تعلق فتح جنگ کے ایک موضع ڈھلّی سے تھا اور یہ خاندان بھی گولڑہ شریف کا عقیدت مند تھا۔ اعلیٰ حضرت کے حکم پر ہمارے والدِ محترم کے نکاح میں آئیں۔ ہماری والدہ محترمہ انتہائی سادہ اور پابندِ صوم و صلاۃ تھیں۔ ابتداء سے ہی عارضۂ قلب میں مبتلا تھیں لیکن دوائیوں کے سہارے ایک طویل عرصہ گزارا۔ والدہ محترمہ نے والدِ محترم اور پھوپھی صاحبہ کے ہمراہ اپریل 1980ء میں عمرہ کی سعادت حاصل کی اور پھر مدینہ منورہ میں حاضری کا شرف حاصل ہوا۔ الحمد للہ! اس بندہ کو یہ شرف حاصل ہے کہ اُس نے اپنے والدین کے ہمراہ عمرہ اور مدینہ شریف حاضری کا شرف حاصل کرنے کے ساتھ ان کی کچھ خدمت کرنے کی بھی سعادت حاصل کی۔ بروز جمعرات یکم اپریل 1993ء بمطابق 8 شوال 1413ھ بوقت 12 بجے دن 65 سال کی عمر میں رضوان نرسنگ ہوم، ڈھوک چوہدریاں میں داعیٔ اجل کی آواز پر لبیک کہا اور گولڑہ شریف میں والدِ محترم کے پہلو میں تدفین ہوئیں۔

پھوپھی غلام عائشہ، والدِ محترم کی اکلوتی بہن جنہوں نے عرصۂ دراز تک دربارِ عالیہ گولڑہ شریف کے زائرین کیلئے لنگر پکایا اور دمِ آخر گولڑہ شریف میں ہی مقیم رہیں۔ والد صاحب کے چالیسویں کے پانچ دن بعد یومِ معراج النبی ﷺ مورخہ 5 مارچ 1989ء بمطابق 27 رجب المرجب 1409ھ انتقال ہوا اور گولڑہ شریف میں ہی والدِ محترم کے پہلو میں تدفین ہوئیں۔

قطعۂ تاریخِ سالِ وصال (1409ھ/1989ء)

مریدِ حضرتِ مہرِ علی رحمۃ اللہ علیہ، حضرت حافظ فقیر محمد قادری چشتی مرحوم و مغفور
(مدفون در گولڑہ شریف، اسلام آباد)

شاہراہِ اُلفتِ محبوبِ حق پر گامزن
خوش مقدر راہ نوردِ وادیٔ عشقِ رسول ﷺ

ذکرِ میلاد النبی ﷺ کا بزم آراء گرم جوش
زندگی بھر کی چراغ افروزیٔ عشقِ رسول ﷺ

عمر بھر کرتا رہا تلقینِ حُبِّ مصطفیٰ ﷺ
واقعی تھا اِک سفیرِ نامیٔ عشقِ رسول ﷺ

صاحبِ سرمایۂ ادب و ولائے مصطفیٰ ﷺ
اُس کی دولت، دولتِ سرشاریٔ عشقِ رسول ﷺ

جانِ رحمت کا فدائی اُس کی تاریخِ وصال
کی رقم طارقؔ نے "زیب و خوبیٔ عشقِ رسول ﷺ"
1409ھ

بصد گداز بصد سوز نغمہ سنج رہا
وہ عندلیب تھا اور باغ باغِ عشقِ رسول ﷺ

وصالِ عاشقِ محبوبِ حق کی ہے تاریخ
سُنی ہے غیب سے "زیب چراغِ عشقِ رسول ﷺ"

محمد عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری
حسن ابدال

نصیر احمد قادری چشتی رحمۃ اللہ علیہ

(برادرِ بزرگ۔ افتخار احمد حافظ قادری)

برادرِ بزرگ محمد نصیر احمد رحمۃ اللہ علیہ کی ولادت 11 جنوری 1942ء، راولپنڈی شہر کے ایک مقام پرانا قلعہ میں ہوئی۔ ابتدائی تعلیم حاصل کرنے کے بعد قبلہ والد صاحب کے ہمراہ تجارت کے پیشہ سے منسلک ہو گئے۔ والد صاحب کی بزرگی کے باعث آہستہ آہستہ دکان کا نظام اپنے ذمہ لے لیا۔ ورکشاپی محلہ کی ایک فیملی میں والد صاحب نے شادی کروائی۔ گھر میں چونکہ پہلی شادی تھی لہذا خوب دھوم دھام سے شادی کی تمام رسومات ادا کی گئیں۔ بسلسلۂ روزگار سال 1977ء تا 1980ء سعودی عرب کے شہر ریاض کے مرکزی ہسپتال میں بطور ڈسپنسر خدمات سرانجام دیں۔ اس دوران کئی بار عمرہ اور زیارتِ مدینہ منورہ کی سعادت نصیب ہوئی۔

بزرگوں کے مزاراتِ مبارکہ پر حاضری کا انتہائی شوق و جذبہ تھا۔ اپریل 1983ء میں براستہ دہلی، اجمیر شریف میں ہند الولی حضرت خواجہ معین الدین چشتی اجمیری رحمۃ اللہ علیہ کے سالانہ عرس کی تقریبات میں حاضری کا شرف حاصل کیا۔ اسی طرح جنوری 1985ء میں دہلی کی زیاراتِ مقدسہ پر حاضری کی سعادت حاصل کی۔ پاکستان بھر میں مشہور اور معروف زیاراتِ مبارکہ پر حاضر ہوا کرتے تھے۔

برادرِ بزرگ محمد نصیر احمد ایک انتہائی مخلص، خدمت گزار اور محبت کرنے والے اچھے انسان تھے۔ والدین اور ہم سب بہن بھائیوں کا ہر طرح سے خیال رکھا کرتے۔ اپنے خاندان کے علاوہ اپنے حلقۂ احباب میں بھی ہر ایک کی خدمت کر کے خوشی محسوس کرتے۔ مجھے یقینِ کامل ہے کہ روزِ محشر اُن کی اگر کوئی بھی نیکی کام نہ آئی تو اُن کی ایک نیکی جو انہوں نے والدِ گرامی کے آخری ایام میں سرانجام دی، وہ نیکی ان کی بخشش و مغفرت کا سبب بن جائے گی۔ ان شاء اللہ۔

والدِ محترم کو آخری ایام میں برین اٹیک ہوا، جس کی وجہ سے وہ کوما میں چلے گئے اور کئی ایام تک والدِ محترم کی برادرِ بزرگ نے وہ خدمت کی شاید ہم میں سے کوئی بھی نہ کر سکتا تھا۔ اُس ایک نیکی کی وجہ سے ہی روزِ محشر وہ کامیاب و کامران ہو جائیں گے۔

صدر والے مکان سے جب ہم افشاں کالونی منتقل ہو گئے تو وہ والدہ محترمہ کی ملاقات کیلئے باقاعدگی سے آیا کرتے، اسی طرح ہر جمعۃ المبارک یا اتوار کو وہ ہمشیرہ صاحبہ سے ملاقات کیلئے گولڑہ شریف جایا کرتے اور اُن کا خاص خیال رکھتے۔ برادرِ محترم نے زمانہ کے کئی انقلابات دیکھے، لیکن اُن کے عزمِ ہمت میں ذرا بھر فرق نہ آیا اور آخری دم تک وہ محنت کر کے رزقِ حلال کماتے رہے۔ ہر ایک کے دُکھ درد میں شریک ہوا کرتے اور یہ سلسلہ تادمِ آخر جاری رہا۔

پہلا ہارٹ اٹیک ہوا تو ڈاکٹروں نے سختی سے آرام کرنے کیلئے کہا لیکن وہ بے چین روح تھی کسی طور پر بھی وہ آرام نہ کرتے، دوبارہ اٹیک بروز ہفتہ مورخہ 3 اگست 1991ء بمطابق 22 محرم الحرام 1412ھ کو ہوا۔ فوری طور پر ملٹری ہسپتال میں منتقل کیا لیکن وہ اٹیک اُن کی موت کا ایک بہانہ تھا اور بالآخر مسکراتے ہوئے شام 6:35 پر اپنی روح و جان مالکِ حقیقی کے حوالہ کر دی۔

بندۂ ناچیز اُس وقت بسلسلۂ روزگار سعودی عرب میں مقیم تھا۔ اطلاع ملی تو اپنے آفیسر بریگیڈیئر داؤد البصام کی وجہ سے اگلے دن میرا پاکستان آنا ممکن ہوا جو ایک کرامت سے کم نہ تھا۔ برادرِ مرحوم کی نمازِ جنازہ بروز اتوار مورخہ 4 اگست 1991ء صبح 10 بجے افشاں کالونی میں ادا کی گئی اور جنازہ کو اس بندہ کے انتظار میں قبرستان لے جا کر رکھ دیا گیا۔ میری سعادت کہ میں بروقت پہنچ گیا، اُن کی آخری زیارت کا شرف حاصل کیا جس کے بعد اُن کی تدفین عمل میں لائی گئی۔

پروین اختر بنت حافظ فقیر محمد

(ہمشیرہ محترمہ ، افتخار احمد حافظ قادری)

ہمشیرہ محترمہ پروین اختر کی پیدائش سال 1951ء علاقہ کوہ مری میں رمضان والی عید سعید کے مبارک دن ہوئی۔ 20 سال کی عمر میں بروز اتوار 31 جنوری 1971ء رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئیں، لیکن حکمتِ ربی کہ اللہ تبارک وتعالیٰ نے اولاد جیسی نعمت سے محروم رکھا۔

پاکستان میں موجود معروف ومشہور مزاراتِ مبارکہ پر حاضری کے علاوہ دو مرتبہ عمرہ شریف اور مدینہ منورہ حاضری کی سعادت حاصل ہوئی اور یہ دونوں بابرکت سفر اُنہوں نے اس بندۂ ناچیز کے ہمراہ طے کیے۔

42 سال اور 6 ماہ محلّہ پیراں والا، گولڑہ شریف میں اپنے خاوند کے گھر عزت ووقار اور صبر واستقلال کے ساتھ گزارنے کے بعد تقریباً 62 سال کی عمر مبارک میں بغیر کسی بیماری اور محتاجگی کے مؤرخہ یکم جون 2013ء بارگاہِ رب العزت میں پیش ہوگئیں، جس پر نہ صرف اہل خانہ بلکہ اہلیانِ گولڑہ شریف بھی سوگوار ہوئے۔

نمازِ ظہر سے قبل آپ کا جنازہ مبارک حضرت قبلہ پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے والدِ گرامی کے قدموں میں لایا گیا۔ دربارِ عالیہ گولڑہ شریف کے مدرسہ غوثیہ کے طلباء نے قرآن خوانی کی۔ آپ کے جنازہ میں ایک جم غفیر کے علاوہ کئی عظیم روحانی شخصیات نے خصوصی طور پر شرکت فرمائی۔

نمازِ ظہر کے بعد 2 بجے نمازِ جنازہ ادا کی گئی اور جنازہ پڑھانے کی سعادت عارف باللہ فضیلۃ الشیخ حضرت غلام رضا علوی قادری شاذلی مدظلہ العالی کو حاصل ہوئی۔

امامِ جنازہ بنے شاذلی
ولایت کے خاتم کے ہیں جو نگیں

سجادہ نشین گولڑہ شریف حضرت شاہ عبدالحق گیلانی مدظلہ العالی کے صاحبزادہ جناب سید قطب الحق شاہ صاحب نے دعا کروائی جس کے بعد اہم مزاراتِ مبارکہ پر آپ کے جنازہ کو لے جانے کے بعد محلّہ پیراں والا کے قدیم قبرستان میں آپ کی تدفین عمل میں لائی گئی۔

ملکِ پاکستان کے مشہور ومعروف ادیب، تاریخ گو شاعر جناب طارق سلطانپوری صاحب نے آپ کا قطعہ تاریخ سالِ وصال رقم فرمایا، ہمشیرہ مرحومہ مغفورہ کے محفلِ چالیسواں کے موقع پر اُن کی یاد، ایصالِ ثواب اور بخشش ومغفرت کیلئے درود وسلام کی ایک کتاب بنام "ہدیۂ درود وسلام" ایک ہزار کی تعداد میں شائع کروا کر ملک وبیرون ملک تقسیم کی گئی۔ اس کتاب کے شائع ہونے پر حسن ابدال سے محترمی جناب طارق سلطانپوری صاحب نے اپنے تاثرات ارسال کیے۔

ملکِ ایران کے مشہور ومعروف محقق وشاعر جناب **ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی "رھا"** نے بھی ہمشیرہ صاحبہ کے وصال پر تہران سے فارسی زبان میں اشعارِ تعزیت بنام "**پروینِ گولڑہ نامہ**" تحریر کرکے ارسال فرمائے جو سب سے پہلے دربار منگانی شریف، ضلع جھنگ سے شائع ہونے والے ایک روحانی رسالہ "مجلّہ آئینۂ کرم" کے شمارہ نمبر 37 (جون 2014ء، صفحہ نمبر 42) میں شائع ہوئے۔

مذکورہ بالا قطعات تاریخ، تاثرات بر کتاب، ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی "رھا" کے اشعارِ تعزیت اور کتاب "ہدیۂ درود وسلام" میں درج ہمشیرہ صاحبہ کے متعلق کوائف کتاب ہذا کی زینت بنائے جا رہے ہیں جو آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

قطعۂ تاریخِ سالِ وصال

تمام عمر دل میں رکھی اُن ﷺ کی یاد
محبّ و مطیعِ رسولِ امین ﷺ

زبان پر ہمیشہ درُود و سلام
پسندیدہ تھا ذکرِ سلطانِ دین ﷺ

زمانے میں تقسیم کرتی رہیں
وہ خوشبوئے حُبِ شہہ مرسلین ﷺ

خصوصی تھا غوثِ جلی رضی اللہ عنہ سے نیاز
وہ دیوانی شاہِ بغداد رضی اللہ عنہ تھیں

جو ابرار کی خاص ہیں خوبیاں
خدا نے وہ ''پروین اختر'' کو دیں

ملی پیرِ کامل کے قدموں میں قبر
پسِ مرگ بھی کیا نوازی گئیں

امامِ جنازہ بنے شاذلی
ولایت کی خاتم کے جو ہیں نگیں

عزیز و اقارب بھی اور افتخار
ہوئے اُن کی رحلت سے اندوہگیں

بلند اُن کو فردوس میں دے مقام
تُو اے کردگارِ زمان و زمیں

منور رہے اُن کی تُربت مدام
الٰہی لحد اُن کی ہو عنبریں

تعلق جنہیں حیّ و باقی سے ہے
فنا اُن کا انجام ہرگز نہیں

سرِ ''اجر'' (1) سے اُن کی رحلت کا سال

ہے ''انوارِ راہِ بہشت بریں''
1433+1=1434ھ

نتیجۂ فکر: طارق سلطانپوری، حسن ابدال

کتابِ مُستطاب ''ھدیۂ درُود و سلام''

بیادِ ، ھمشیرہ صاحبہ پروین اختر مرحومہ و مغفورہ المعروف ''پروینِ گولڑہ''

از قلم مکرمی افتخار احمد حافظ قادری زید مجدہٗ ، ''بھائی''

سالِ وصال 2013ء بمطابق 1434ھ

''عظمتِ مقامِ فقر وآگہی'' 2013ء، ''تاریخِ اخلاص، ایقان وعمل'' 1434ھ، ''طیبِ فیضانِ فقرِ محمد ﷺ'' 1434ھ

صفحات: 112، بہ الفاظ بحسابِ ابجد ''زیبِ النبی ﷺ'': 112، ''لازوال یادِ حبیب ﷺ'': 112

قطعۂ تاریخ (سالِ طباعت)

بحمد اللہ، حافظ محترم نے ... مُرتب کی کتاب خوبصورت
دُرودوں کا سلاموں کا ہے ہدیہ ... یہ دربارِ محمد ﷺ جانِ رحمت
مبارک کام پیہم کر رہا ہے ... سمیٹے ہے سعادت پر سعادت
قلم کی سرعت اُس کی حیرت افزاء ... ملی حق سے اُسے یہ خاص نعمت
یہ ہے شیریں ثمر لا ریب اُس کا ... اُسے خاصانِ حق سے ہے محبت
بزرگوں کی، خدا والوں کی اُس پر ... نگاہِ لُطف ہے، چشمِ عنایت
کتابیں اُس نے وہ تحریر کی ہیں ... عیاں ہے جن سے اہلِ حق کی عظمت
خدا کے دوستانِ محترم سے ... مثالی اُس کا ہے حسنِ عقیدت

☆☆☆

جہانِ آب و گل، دارِ فنا سے ... ہوئی اُس کی بڑی ہمشیرہ رخصت
وہ دلدادہ نبی ﷺ کی غوث رضی اللہ عنہ کی بھی ... شہانِ گولڑہ سے تھی عقیدت
مقدس سر زمینِ گولڑہ میں ... بنی اُس خوش نصیب کی تُربت
یہ خوش بختی ہے یہ ہے خوش نصیبی ... یہ ہے پروین اختر کی سعادت
جلیل القدر بھائی نے ادب سے ... مرتب کی کتاب پُر سعادت
کتابِ ذوق پرور، اُس کی تاریخ ... رقم طارق نے کی ''اذکارِ نسبت'' (1434ھ)
رقم کی ہے بہ عونِ ھاتفِ غیب ... دِگر تاریخ بھی ''جامع فضیلت'' (1434ھ)

سروشِ غیب سے ایک اور تاریخ
ملی طارق کو ''با فیضِ حسنِ تُربت''
(2013ء)

محمد عبدالقیوم طارق سلطانپوری

پروین گولڑه نامه

به مناسبت در گذشت شاد روان مرحومهٔ مبرورهٔ مغفورهٔ جنت مکانی سرکار خانم پروین گولڑه شریف
متقیه و عزیز الوجود و محترمه و خواهر گرامی
جناب آقای الحاج پرفسور افتخار احمد حافظ قادری شاذلی و قونیوی ۔ سلّمه اللّٰه تعالٰی و زید عزّه العالی
ساکن بغدادی هاؤس، افشاں کالونی راولپنڈی پاکستان۔

خواهر ای جان جهانم مهربان و با وفا
گشته ای خاموش و من تنها شدم از تو جدا

خواهر ای پروین گولڑه اختر لطف و صفا
می رسانم بر تو و حرف و بیان من دعا

در شمار نام محمد ﷺ شد درود و هم سلام
این ۹۰ با ۲ شده اصل کتاب یاد شما

دل شکسته، غم زده، افسرده ام، پروین جان
یادگار خاندان بودی و پروینِ خدا

این زمان اشکم ز دیده شد روان از بهر تو
خاک گورِ تو بود بر چشم جانم توتیا

سایه بانِ معرفت گسترده بودی در جهان
زان جهت نام تو پروین آمده در هر کجا

این برادر افتخار احمد شده غمگین و زار
روز و شب یاد تو دارد هر نماز صبح و مسا

شهر گولڑه شد سیه پوش بهر پروین روز و شب
آسمان باریده اشک غم برای جان ما

نام تو پروین اختر خواهر ای جانِ عزیز
اختر برج سعادت گشته ای اندر سما

هم نشین هستی کنون با فاطمه زهراؓ یقین
هم خدیجهؓ مادر او را توی مهر و وفا

ذات پاک غوث جیلانیؒ ترا باور بود
در بهشت لاله زاران هم نشین لاله ها

چون برفتی خواهرم از دار دنیا ناگهان
در حروف جُمّل آمد تو بخوان و ردو دعا

"باغ والا شان" بود تاریخ خورشیدی یقین
۱۳۹۲ھ ش
جای او پیران والا بود با صلح و صفا

او بود "عظمت بی بی" تاریخ هجری قمری
"۱۴۳۴ھ ق"
شصت و دو سالِ عمر او صوم و صلٰوة بی مدّعا

هست "عالم تاب پروین اختر" در بهشت
"۲۰۱۳م"
این شده تاریخِ فوت او به میلادی ادا

ای خدا "پروین ذات پاک" برفت از این جهان
"۱۳۹۲ھ ش"
رحمت و غفران و رسم قل بخوان بی ادّعا

هست "پروین ماه خورشید" هم به هجری فوت او
"۱۴۳۴ھ ق"
او بود گوهر فشان اندر بهشت جود و سخا

خواهر نیکو سیر همشیره جانِ من برفت
صورت احسن از دعا و از سلامش جا به جا

این "رها" همواره خواند فاتحه از جان و دل
باقی باللّٰه اختر و جوید بقا اندر فنا

سرودهٔ دکتر محمد حسین تسبیحی رهاؔ
تهران، ایران

غلام مصطفیٰ و مسمات فضیلت جان

(ماموں و ممانی، افتخار احمد حافظ قادری)

اپنے اکلوتے ماموں غلام مصطفیٰ ولد شیخ حُسن دین کے بارے میں کوئی زیادہ معلومات میسر نہیں ہیں۔ ہم نے جب سے ہوش سنبھالا تو دیکھا کہ وہ والدِ محترم کے عزیز وقدیم دوست حاجی محمد شفیق کے ہاں خدمات سرانجام دیتے تھے۔

انتہائی مخلص، محنت کش انسان تھے اور ساری زندگی رزقِ حلال پر گزارا کیا۔ علاقہ گولڑہ شریف کے ایک موضع میرابادیہ کی ایک خاتون مسمات فضیلت جان سے رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئے۔ ممانی صاحبہ بھی انتہائی سادہ اور محبت کرنے والی خاتون تھیں۔ ہمیشہ گھر کے کام کاج میں مصروف رہا کرتیں۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے آپ کو اولاد سے نوازا تھا۔

ماموں غلام مصطفیٰ نے بروز بدھ مؤرخہ 28 اگست 1996ء بمطابق 12 ربیع الثانی 1417ھ انتقال فرمایا اور اگلے روز مؤرخہ 29 اگست 1996ء بروز جمعرات افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ کے قبرستان میں تدفین ہوئی۔

ممانی محترمہ مسمات فضیلت جان کا وصال 17 جون 2007ء کو ہوا اور انہیں ماموں کے قرب میں افشاں کالونی راولپنڈی کینٹ کے قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔

مسمات شاہجہان بنت شیخ حُسن دین

(خالہ محترمہ، افتخار احمد حافظ قادری)

خالہ مرحومہ کے بارے میں بھی کوئی معلومات میسر نہ ہو سکیں۔ اِس بندہ نے اُنہیں اپنے ایامِ نوجوانی میں دیکھا تھا، ہمارے ہی گھر میں اُن کا قیام ہوتا تھا۔

خالہ مرحومہ ایک درجہ معذور تھیں جس کی وجہ سے شادی اُن کا مقدر نہ بن سکی اور جوانی میں ہی اُن کا انتقال ہو گیا اور گولڑہ شریف کے قبرستان میں اُن کی تدفین ہوئی۔

محمد بوستان خان و مسمات نور جان

(سُسر و خوشدامن، افتخار احمد حافظ قادری)

محمد بوستان خان مرحوم نے اپنی عملی زندگی کی ابتداء نیوی میں ملازمت سے شروع کی۔ اِس دوران کئی ممالک دیکھنے کا موقع ملا جن کا وہ اکثر ہمارے سامنے تذکرہ کیا کرتے۔ نیوی سے ریٹائرمنٹ کے بعد راولپنڈی کی ایک پرائیویٹ کمپنی (REPCO) میں ملازمت شروع کر دی۔

آپ ایک انتہائی نیک طینت، صادق وامین اور کئی دوسری اعلیٰ وارفع صفات کے حامل شخص تھے۔ پنجگانہ نماز باقاعدگی سے مسجد میں

ادا کیا کرتے اور ہر سال ماہِ رمضان المبارک اعتکاف بیٹھنا آپ کی ساری زندگی کا پسندیدہ عمل تھا۔

قرآن پاک کی تلاوت اور دُرود و سلام کے نذرانے پیش کرنا آپ کا امتیازِ خصوصی تھا۔ اللہ تبارک و تعالیٰ نے آپ کو 9 بیٹوں اور اکلوتی بیٹی سے نوازا تھا۔

12 اکتوبر 1978ء تالی موہری کے اس معزز و دین دار گھرانے میں یہ بندہ رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوا اور یہ رشتہ خیر و برکت والا اس طرح ثابت ہوا کہ دینی و دنیاوی رزق و علم کے وسیع دروازے کھلتے گئے۔

سُسر محترم نے ایک بار عمرہ شریف اور مدینہ منورہ میں بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں حاضری کی سعادت حاصل کی تھی۔ ایک مختصر عرصہ علیل رہنے کے بعد لیلۃ القدر کی خیر و برکت والی رات میں بروز سوموار شریف مؤرخہ 26 رمضان المبارک 1426ھ بمطابق 31 اکتوبر 2005ء اپنے رب کی بارگاہ میں حاضر ہو گئے۔

اگلے دن بروز منگل یکم نومبر 2005ء بمطابق 27 رمضان المبارک 1426ھ ہارلے سٹریٹ کے قبرستان میں نماز جنازہ ادا کی گئی اور ایک جم غفیر نے اس نیک شخصیت کی نماز جنازہ پڑھنے کی سعادت حاصل کی اور پھر دُرود و سلام کی صداؤں میں آپ کو اس قبرستان میں سپردِ خاک کیا گیا۔ آپ کے 9 بیٹوں میں سے 2 بیٹوں ملک عبدالرشید اور ملک محمد فاروق کا انتقال ہو چکا ہے۔

میری خوش دامن مسمات نور جان بنت سمندر خان مجسمۂ پیکرِ محبت اور پابندِ صوم و صلاۃ تھیں۔ ہمہ وقت تلاوتِ قرآن پاک اور دُرود و سلام کے نغمے الاپنا آپ کا محبوب وِرد و وظیفہ تھا جو تادمِ آخر جاری و ساری رہا۔ یہ بندہ جب بھی آپ کی ملاقات کیلئے جاتا تو ہمہ وقت آپ کو تلاوتِ قرآنِ پاک میں مشغول پاتا۔ آپ انتہائی صابرہ، شاکرہ اور ہر ایک سے محبت کرنے والی عظیم خاتون تھیں۔

خوش دامن محترمہ کو 2 بار عمرہ شریف کی سعادت حاصل ہوئی اور مدینہ منورہ میں سرکارِ مدینہ ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں حاضری کا شرف حاصل کیا۔

یہ بندۂ ناچیز اکثر و بیشتر سفر میں رہتا ہے۔ جب آپ کا وصال ہوا تو اُس وقت بھی بسلسلۂ زیاراتِ بزرگانِ دین راولپنڈی سے انتہائی دور ایک علاقہ میں موجود تھا اور خراب ملکی حالات کی وجہ سے اُس دن پبلک ٹرانسپورٹ بند تھی اور خوف کی وجہ سے لوگ پرائیویٹ گاڑیاں بھی سڑکوں پر نہ لاتے تھے۔

30 دسمبر 2007ء بمطابق 19 ذی الحج 1428ھ صبح کے وقت آپ کا وصال ہوا اور ٹرانسپورٹ کی عدم دستیابی کے باعث میں انتہائی پریشانی میں مبتلا تھا کہ اچانک غیبی انتظام ہوا اور ایک شخص اپنی پرائیویٹ گاڑی میں مجھے واپس راولپنڈی لے آیا، جس کو میں مرحومہ کی ایک کرامت سمجھتا ہوں۔

نمازِ ظہر سے قبل راولپنڈی پہنچ گیا۔ ہارلے سٹریٹ کے قبرستان میں آپ کی نمازِ جنازہ ادا ہوئی، جس میں عزیز و اقارب کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی اور اُسی قبرستان میں اپنے خاوند کے قدموں میں آپ کی آخری آرام گاہ بنی۔

میری خوش دامن محترمہ کیلئے ملکِ عزیز کے مشہور و معروف تاریخ گو شاعر محترمی جناب عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری صاحب نے قطعۂ تاریخِ سالِ وفات رقم فرمایا، اسی طرح آپ کے ہونہار صاحبزادے جناب حافظ محمد اقبال صاحب پرنسپل پاکستان نیشنل سکول سسٹم (PNSS) نے آپ کے وصال پر اپنی والدہ محترمہ کی بارگاہ میں نذرانۂ عقیدت کے پھول ہدیہ کئے جو آئندہ صفحات میں آپ مطالعہ فرمائیں۔

قطعۂ تاریخِ سالِ وفات

محترمہ خوش دامن صاحبہ رحمۃ اللہ علیہا

بیگمِ افتخار احمد حافظ قادری، مد ظلہ، افشاں کالونی، راولپنڈی

تاریخِ وصال 30 دسمبر 2007ء بمطابق 19 ذی الحجہ 1428ھ

بالآخر ختم ہو جائے گی ہر شے — مگر نیکی سدا باقی رہے گی

چلی وہ راہِ حق پر زندگی بھر — کھلی ہے اُس پہ راہِ باغِ فردوس

حیات اُس کی تھی نیکی کا حسیں نقش — نمونہ خیر کا تھی اُس کی ہستی

بسر کی زندگی اُس صالحہ نے — بیادِ حق، بیادِ ماہِ مدنی ﷺ

اُسے حاصل ہو حق کی رحمتِ خاص — ملے اُس کو شفاعت مصطفیٰ ﷺ کی

لحد اُس کی، کہا ہاتف نے مجھ سے — ہے، "اب جلوہ گاہِ باغِ فردوس"

1428ھ

وفاتِ مؤمنہ کی میں نے تاریخ

کہی، "زیبائی، خوبی، حق پرستی"

محمد عبد القیوم طارقؔ سلطانپوری

حسن ابدال، ضلع اٹک

بیادِ والدہ محترمہ مسمات نور جان بنتِ سمندر خان
امی جی!
آپ کے جانے کے بعد
محبتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
شفقتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
لبوں کی جنبشیں بھی اب، رُکی رُکی سی رہ گئیں
دُعا کا سلسلہ بھی ہے، رُکا رُکا، تھما تھما
وہ مشوروں کا دور بھی، گیا پھر ہاتھ سے گیا
نصیحتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
وہ حسنِ خلق کا اک، عظیم شاہکار تھیں
عنایتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
اک ایسا دسترخواں جہاں، سب سرخرو ہوئے
سخاوتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
صلہ رحمی کی وہ، عظیم تر مثال تھیں
وہ چاہتوں کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
وہ نور کا مینار اب، زمیں کی نذر ہو گیا
وہ روشنی کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
وہ داستاں ہوئی ختم، اب کمال ضبط کی
وہ درگزر کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
شعور زندگی کا درس، اب تمام سا ہوا
وہ آگہی کا سلسلہ، رُکا رُکا، تھما تھما
محمد اقبال بن محمد بوستان خان
فون: 0333-5110546

بیادِ والدہ محترمہ مسمات نور جان بنتِ سمندر خان

امی جان

اگرچہ آپ رخصت ہوگئی ہیں
مگر وہ درس نیکی کا
غریبوں سے بھلائی کا
قرض داروں سے شفقت کا
لاچاروں سے رحمت کا
مہمانوں سے عزت کا
بہی خواہوں سے اُلفت کا
پریشاں سے عنایت کا
زمانے سے صداقت کا
رسول اللہ ﷺ سے چاہت کا
اللہ سے اطاعت کا
ہمیں ہے یاد اب تک
رہیں زندہ ہم جب تک
یہی ہے ایک سرمایہ
جواب پیچیدہ راہوں میں
ہمیں دکھلائے گا رستہ

محمد اقبال بن محمد بوستان خان
فون: 0333-5110546

برادر محمد اسلم

(بہنوئی، افتخار احمد حافظ قادری)

ہمارے بہنوئی محمد اسلم ایک صاف گو، مخلص اور اچھی شہرت کے حامل انسان تھے۔ ساری زندگی رزق حلال کمایا، انتہائی دیانتدار اور ملنسار شخصیت تھے۔ صدر بازار میں ایک دکان پر ٹوپیوں کا کاروبار کرتے تھے۔ بہنوئی محمد اسلم سب کی خدمت کر کے خوشی محسوس کیا کرتے۔ والدِ محترم جو کام بھی اُن کے سپرد کرتے انتہائی ذمہ داری اور خوش دلی سے اُس کو سرانجام دیا کرتے۔ بروز منگل مؤرخہ 9 جنوری 1996ء بمطابق 17 شعبان 1416ھ وصال فرمایا۔ ہمارے بہنوئی محمد اسلم کے بھتیجے محمد داؤد بھی باکمال شخصیت تھے۔ پرانا قلعہ میں مشروبات کی ایک دکان کیا کرتے تھے۔ انتہائی عاجز، مخلص اور خدمت گار شخصیت تھے۔ ڈسٹرکٹ ہسپتال میں بروز منگل مؤرخہ 31 جنوری 1995ء وصال فرمایا اور راولپنڈی شہر میں آپ کی آخری آرام گاہ ہے۔

نامور اساتذۂ کرام

یہ بندۂ ناچیز آج جس مقام پر کھڑا ہے اُن میں اپنے والدین کریمین کی تربیت کے علاوہ چند نامور اساتذہ کرام کی بھی تربیت کا فیضان ہے۔ مختصراً چند اساتذہ کرام کا خیر و برکت کے حصول اور اُن کی یاد میں تذکرہ مقصود ہے۔

(حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی)

پاکستان میں عربی زبان کے فروغ اور ترقی و ترویج کے سلسلے میں میرے اُستادِ مکرم حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی کی خدمت سنہری لفظوں سے لکھنے کے قابل ہیں۔ آپ نے تفسیر مجاہد پر حاشیہ تحریر فرمایا۔ ادارہ تحقیقاتِ اسلامی، اسلام آباد میں ریسرچ اسکالر کی خدمت سرانجام دیں۔ آپ کی زیرِ ادارت عربی زبان میں ایک رسالہ شائع ہوا کرتا تھا جو پاکستان کے علاوہ عرب ممالک کو بھی ارسال کیا جاتا۔ حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی کی توجہ خصوصی، محنت اور ذاتی دلچسپی کی بدولت یہ بندہ آج عربی زبان میں گفتگو اور کام کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ آپ ہی نے مجھے عربی زبان اور عربی ٹائپنگ کی تربیت دی اور پھر خود ہی مجھے عرب سفارتخانے میں اعلیٰ قسم کی نوکری دلوائی۔

حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی اس بندہ سے انتہائی محبت اور شفقت فرماتے، شاید ہی میں نے اپنی زندگی میں کوئی زیادہ ایسے انسان دیکھے ہوں۔ جب آپ کا وصال ہوا تو بندہ اُس وقت بسلسلۂ روزگار سعودی عرب میں مقیم تھا۔ واپسی پر آپ کی قبر انور پر حاضری کی سعادت حاصل کی جو قبرستان CDA، اسلام آباد میں لائقِ زیارت ہے۔

(حضرت صلاح الدین العراقی)

حضرت صلاح الدین العراقی نصف صدی تک دربارِ عالیہ غوثیہ، بغداد شریف، عراق کے لنگر خانے میں خدمات سرانجام دیتے رہے۔ 70 کی دہائی میں واپس پاکستان تشریف لائے تو راولپنڈی میں مقیم ہو گئے۔ ان سے بندہ نے عربی زبان کی عوامی بول چال کا لہجہ سیکھا۔ آپ کا وصال راولپنڈی میں ہوا اور آپ کو اپنے آبائی گاؤں موضع پوٹھی بجنیال میں سپردِ خاک کیا گیا۔

(حضرت حاجی محبوب علی چشتی گولڑوی)

اعلیٰ حضرت قبلہ پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے فرزندِ ارجمند حضرت قبلہ بابو جی رحمۃ اللہ علیہ درگاہ غوثیہ گولڑہ شریف میں روزانہ محفلِ سماع کا اہتمام فرماتے اور اپنے قوالِ خاص حاجی محبوب علی سے عارفانہ کلام اور خصوصاً حضرت مولانا روم رضی اللہ عنہ کا کلام سماعت فرمایا کرتے۔ اسی وجہ سے آپ حاجی محبوب کو "عندلیب رومی" کے نام سے یاد فرمایا کرتے۔

ہمارے والدِ گرامی چونکہ چشتی مشرب بھی رکھتے تھے اس لئے سماع سے دلچسپی قدرتی بات تھی۔ گھر میں اکثر محافلِ سماع منعقد ہوا کرتی۔ اس بندہ نے ایامِ نوجوانی میں راولپنڈی کے ایک مشہور ستار نواز اُستاد عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہ سے فنِ ستار سیکھنا شروع کیا، اسی دوران گولڑہ شریف میں حضرت حاجی محبوب علی سے روابط اُستوار ہوئے اور پھر آپ کی خدمت میں شاگردی کا شرف حاصل ہوا۔ آپ سے اس بندہ نے ستار پر مثنوی شریف پڑھنے کا فن سیکھا اور پھر جب سال 1995ء میں حضرت مولانا روم رضی اللہ عنہ کی بارگاہِ اقدس میں حاضری کا موقع ملا تو اپنے اُستادِ مکرم کے اُسی انداز میں مثنوی شریف پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔

حضرت حاجی محبوب علی چشتی گولڑوی کا جب انتقال ہوا تو بندہ اُس وقت ملک سے باہر تھا، واپسی پر آپ کی قبرِ انور پر حاضری کی سعادت حاصل کی۔ آپ کے وصال پر محترمی طارق سلطانپوری صاحب نے قطعۂ تاریخِ وصال رقم فرمایا جو آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

(بریگیڈیئر (ر) داوود بن احمد البصام)

اس بندۂ ناچیز نے اپنے قیامِ سعودی عرب کے دوران اپنے ایک آفیسر عزت مآب جناب بریگیڈیئر (ر) داوود احمد البصام سے دینی و دنیاوی طور پر بہت کچھ سیکھا اور اُنہی سے متاثر ہو کر اپنے ایک بیٹے کا نام بھی داوود رکھا۔ اس بندۂ ناچیز نے تقریباً 10 سال آپ کے زیرِ سایہ وزارتِ دفاع میں گزارے۔ آپ انتہائی شفیق، مخلص اور محبت بھرے ناقابلِ فراموش انسان تھے۔ اُن کے بارے میں پوری ایک داستان رقم کی جاسکتی ہے لیکن یہاں پر صرف اُن کی یاد ہی مقصود ہے۔ مختصراً اُن کا شمار بندہ کے محسنین میں ہوتا ہے۔

13 اگست 2012ء سعودی عرب کے شہر ریاض میں آپ کا وصال ہوا۔ جس سے بندہ کو شدید صدمہ پہنچا۔ عربی میں کچھ اشعارِ تعزیت ترتیب دے کر اُن کے اہلِ خانہ کو ارسال کئے، جس پر اُنہوں نے بندہ کا شکریہ ادا کیا اور اُن اشعار کو فریم کروا کر اپنے گھر میں نصب کروادیا۔ محترمی ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی "رہا" نے بھی اس افسوسناک موقع پر تعزیتی اشعار رقم فرمائے جو آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرماسکتے ہیں۔

(راجہ علی اصغر قادری شاذلی نقشبندی)

ایک طویل عرصہ سے درود و سلام کی خوشبو بکھیرنے، گلدستے تقسیم کرنے والے اور درود و سلام کی نادر کتب اکٹھی کر کے انسائیکلو پیڈیا تیار کر کے عشاقانِ درود و سلام کی خدمت میں پیش کرنے والے جناب محترمی محمد ذیشان انجم قادری کے والدِ گرامی راجہ علی اصغر قادری رحمۃ اللہ علیہ جنہوں نے واہ ماڈل ٹاؤن کی بنیاد رکھی اور پھر پریشان حال مخلوقِ خدا کی خدمت کیلئے ایک ویلفیئر ٹرسٹ بنام "نویدِ سحر" کی بنیاد رکھی۔

اصول و قواعد کے مطابق ساری عمر گزاری، خدمتِ خلق کو اوّلین فریضہ سمجھتے اور جہاں تک ممکن ہوتا ہر ایک کی خدمت کر کے خوشی محسوس کرتے۔ اُن کے وصال پر کئی شعراء حضرات نے تعزیتی اشعار تحریر کئے۔ محمد اسلم ساگر کا ہدیۂ عقیدت آئندہ صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

حضرت حاجی محبوب علی چشتی گولڑی

(قبلۂ عالم حضرت بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کے قوالِ خاص و بے مثال)

سالِ وصال 1411ھ، 1991ء

"شمع عظمتِ سماع": 1991ء

حاجی صاحب کے تذکرے کے بغیر — نا مکمل ہے داستانِ سماع

بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کا وہ فیض پروردہ — تھے جو ممتاز رازدانِ سماع

باغ مولائے روم رحمۃ اللہ علیہ کا بُلبل — وہ مغنی، نشانِ شانِ سماع

محفلِ اہلِ ذوق کا محبوب — وہ دلِ آرامِ عاشقانِ سماع

اُس سے آدھی صدی تک ہوتے رہے — کیف اندوز، عارفانِ سماع

حسنِ نُطق و نوا کا نقشِ جمیل — پیکرِ خوبیِ زبانِ سماع

منفرد اُس کی بزم آرائی — نادرِ عصر اُس کی شانِ سماع

آپ اپنی مثال تھا لاریب — مطرب بزمِ جاودانِ سماع

آہ! ابرِ اجل میں پوشیدہ — ہو گیا نیّرِ جہانِ سماع

اُس کی رحلت سے اہلِ بزم اُداس — دل گرفتہ ہیں دوستانِ سماع

نغمہ پرداز ہو گیا خاموش — سُونا سُونا ہے گلستانِ سماع

یہ ہے نقصانِ محفلِ عرفان — یہ طارقؔ بڑا زیانِ سماع

مُطربِ خوش نوا کی رحلت کا
سال ہے "اختصاص و آنِ سماع"

نتیجۂ فکر
عبدالقیوم طارقؔ سلطانپوری
حسن ابدال، اٹک

خواطری

بمناسبة وفاة فخر الانسانية، نادر الوجود، المطيع لربه سبحانه و تعالیٰ والقائم بسنة نبيه ﷺ، المخلص لدينه و وطنه، الانسان العظيم، المعروف بكرمه و سخائه، المشهور بوفائه، الصديق لوقت الضيق، المحب لاهل بيته، الاب العظيم، الزوج المثالي، الاخ الممتاز، الصهر العالي، العسكری المرابط سيدی العميد داوود بن احمد البصام، يوم الاثنين المبارك ۲۵ رمضان الكريم ۱۴۳۳ھ الموافق ۱۳/۸/۲۰۱۲عيسوی فی مدينة الرياض۔

يَا اَبُوْ بَسَّام

كلنا اليوم فی فراقكم لمحزونون
ها هو ابنك بسام و وسيم حزين

لانك قد ودّعت اهلك والبنون
و جميع بناتك واسباطك حزين

ها هو زوجتك تبكی و تدعو ورائك
انت تفتخر علی حظك و نصيبك

تذكر خدماتك الجليلة و تدعو ورائك
لان جميع اقاربكم يدعون لمغفرتك

كم اشخاص يدعون لك فی الحرمين
ندعو لك قبر" روضة من رياض الجنة

يرجون رحمة و مغفرة لك في الحرمين
نرجو لك بشری نم كنومة العروس فی الجنة

يا ام بسام ! بشری لكِ ايضاً الجنة
و ها هو ادنی خادمك افتخار

لان زوجتك راض عنك لما فارق الحياة
قد يقدم هذه الخواطر بالافتخار

تقديم

افتخار احمد حافظ قادری

راولبندی، الپاكستان

به نام خدای بسیار بخشاینده بخشایشگر و مهربان

به مناسبت در گذشت وفوت مرحوم مبرور مغفور حضرت سیدی العمید داوود بن احمد البصّام

توشیحیه "سیّد العمید داوود بن احمد البصّام" وفات

س سرو نازِ عشق و عرفان نازِ نازان در گذشت — آن محبّ و با وفای مهربانان در گذشت

ی یاور و یارِ همه مردم به دشتِ عاشقی — گوهرِ دُرجِ صداقت لُطف و احسان در گذشت

د دادخواهِ جملهٔ بیچارگان در مُلکِ خود — صادق القولِ وفا آن روحِ ریحان در گذشت

ی یوسفِ صدق و صداقت آن عمیدِ زنده دل — روشنی بخشِ گل و گلزار و بُستان در گذشت

ا اعتمادِ هر کسی بر این بُزرگِ پاکباز — رهرو مهر و محبت ماه ماهان در گذشت

ل لاله روید بر مزارش همچو خون پاکِ دل — اشکِ غم بر دیده آید نورِ چشمان در گذشت

ع عالم علم و عمل سیّد عمید داوود نیک — دوحهٔ رضوان و جنت شاه خوبان در گذشت

م محوِ کردارش همه دم با دل و با جانِ خود — غمگسار و غمزده یاران که آن جان در گذشت

ی یادگارِ اُو سخن هایش شده نقشِ قلوب — مشعلِ راه همه یاران و دوستان در گذشت

د دستِ حق همراه او در قبر او روز و شبان — سورهٔ یٰسٓ بخوان آن شیخِ نیکان در گذشت

د دولتِ عشق ابد اندر بهشتِ جاودان — آن عمید داوودِ جهانِ عاشقِ به قرآن در گذشت

ا اوجِ علیّین بود جای تو ای سیّد عمید — بر زبان و جانِ خود قرآن خوانان در گذشت

و والله در گاه اللّه این بصّامِ عزیز — اُمِّ بسّام گشته غمگین زوجِ هم شان در گذشت

و وحشت از شیطان باشد آن که مسلم شد یقین — حج کرد و کعبه دید و حاجی جان در گذشت

د دلبرِ دانای او قرآن و سنّت روز و شب — حافظِ قرآن نمودِ خود زبانان در گذشت

ب بهره های معنوی از او رسد بر جانِ ما — بابِ بسّام و وسیم و نوجوانان در گذشت

ن	نـــامِ نیک ایـن عـمیـد داوود شـدِ وردِ زبـان	او بـود اکـنـون به جنت گل به دامان در گذشت
ا	احـمـد بـصّـام شده او ما پدرِ یادش بخیر	همـچـنیـن فـرزندِ نیکو، مهرِ عرفان در گذشت
ح	حـمد و قُل خوایـنـد و غُفران و دُعا بر روحِ او	آه و واویـلا عـمـیـد داوودِ جـانـان در گذشـت
م	مـحـنـت اندر قـلـبِ پـاکِ امِّ بسّـام آمـده	همسرش غمگین بود گل از گلستان در گذشت
د	در جهـانِ زنـدگـی همـسـر چو جان اندر بدن	اُمِّ بسّـام جـان بـود یادش شتـابـان در گذشت
ا	آن کـه بـوده افسـرِ نیـکـو سرش معـرفـت	هر کجا نامش به نیکی شادِ شادان در گذشت
ل	لشـکـرِ غـم خیـمـه زد بر کـاروانِ خـانـدان	سـایبـانِ خـانـدان بود و بما خوان در گذشت
ب	بُلبلان در تـعـزیـت یعنی همه فـرزند و زن	گـریه و زاری کنان چون مهرِ رخشان در گذشت
ص	صـوتِ قـرآن می رسد بر گـوشِ حافظ قادری	او بـود صـدّیقِ احـمـد سرفـرازان در گـذشـت
ص	صـاف دل پـاکیزه جـان درزندگی سیّد عمید	خُـلقِ خوش، رفتار نیکو، پیرِ پیران در گذشت
ا	ای عـمـیـد داوودِ مـا، ای صـادقِ راه وفـا	گشتـه ایم افسرده او از خـاندانـان در گذشت
م	مـاه مـاهـان روشـنـی بخـشِ دلِ این قـادری	افتـخـار احمد شده غمگین که ایشان در گذشت

چون برفت از این جهان سیّد عمید داوودِ عشق	اصـل نیکـی، رُوحِ پـاکی، پیرِ کنعان در گذشت
در حـروفِ ابـجـد آمد فـوت آن پیرِ طـریق	"یا غـفـورُ مؤمـن" آن شیخِ محبّان در گذشت 1433ھ ق
هم بـه تـاریخِ دیگـر شـمسی بودفوتِ عمید	"ختم قرآن" آمده غفران که آن جان در گذشت 1391ھ ش
عیسوی تـاریخ فـوتـش ایـن چـنین آمد یقین	"حافظ اعظم طاب" گفتا سوی رضوان در گذشت 2012ء
ایـن "رهـا" خواند دُعا و حمد و قُل بر آن بزرگ	رحمت و غفران بر او چون حق شناسان در گذشت

ذی الحجه: 1433ھ هجری
اکتوبر 2012 عیسوی

سرودهٔ
دکتر محمد حسین تسبیحی "رها"
تهران، ایران

بیاد جناب حضرت راجہ علی اصغر مرحُوم و مغفور
و بمناسبت برسیٔ اول (دسمبر 2008ء)

تھا سکندری کا رونا، نہ ہی مفلسی کا رونا ۔ ہوتا ہے اور ڈھنگ کا، کامل ولی کا رونا

اسوۂ حسنہ، ہر دم تھا، آپکی نظر میں ۔ نظروں میں ہر گھڑی تھا، اپنے نبی کا رونا

اُٹھ اُٹھ کے رات ساری، پچھلے پہر کے آنسو ۔ کرتی ہے یاد دُنیا، ''اصغر علیؒ'' کا رونا

اپنے کسی وہ غم میں، روئے نہیں ہیں ہر گز ۔ ہاں دیکھا جا سکا نہ، سائل کسی کا رونا

اُن کو جو مل گیا تھا، انمول تھا خزانہ ۔ حاصل ہے زندگی میں، عشقِ نبی ﷺ کا رونا

نہ ہی فکرِ زندگی تھی، جو تھی فکرِ آخرت تھی ۔ ہر شخص روئے ورنہ، یہاں زندگی کا رونا

کرتے تھے پیار اُن سے، جو تھے آپ کے سلاسل ۔ کسی قادری سے پوچھو، کسی شاذلی کا رونا

مطلوب ہے خُدا سے، درجات کی بُلندی ۔ ''نجم'' و ''قمر'' کو ہر دم، ہے بے بسی کا رونا

اللہ سب کو اپنی، حفظ و اماں میں رکھنا ۔ رونا پڑے نہ اُن کو، کبھی زندگی کا رونا

جسے مل گیا جہاں میں، غمِ اہلِ بیت لوگو ۔ خوشا! کہ مل گیا ہے، ابنِ علیؑ کا رونا

یہ بھی ''افتخار'' کا ہے، اظہار غم گساری ۔ کہ لگا لیا ہے دل سے، تیری رُخصتی کا رونا

وہ جئے تو ایسے ساگر، کہ نہ دُکھ دیا کسی کو ۔ مرے تو روئی دُنیا، عظمت تیری کا رونا

پیشکش
افتخار احمد حافظ قادری
افشاں کالونی، راولپنڈی

نتیجۂ فکر
اسلم ساگر
اسلام آباد

افتخار احمد حافظ قادری کے مرحومین کے ایصالِ ثواب کیلئے ہونے والے تحریری کام

افتخار احمد حافظ قادری کے آباؤ اجداد خصوصاً والدین کریمین، اساتذہ کرام اور دیگر عزیز و اقارب کے ایصالِ ثواب، بخشش و مغفرت، صدقۂ جاریہ اور اُن کے بابرکت تذکرہ کیلئے اب تک ہونے والے چند نمایاں تحریری کام۔

نمبر شمار	تاریخ اشاعت	نام کتاب	تحریری کام
1	جنوری 1991ء	زیاراتِ مقدسہ جلد اول	برائے والدین کریمین
2	اگست 2000ء	زیاراتِ مقدسہ جلد دوم	تذکرہ آباؤ اجداد
3	دسمبر 2000ء	زیارتِ حبیب ﷺ	برائے والدین کریمین
4	جولائی 2001ء	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	برائے آباؤ اجداد، اساتذہ و مشائخ
5	اگست 2001ء	خزانۂ دُرُود و سلام	برائے آباؤ اجداد، اساتذہ و احباب
6	جنوری 2002ء	قصائدِ غوثیہ	برائے والدین، اساتذہ و مشائخ و جملہ احباب
7	ستمبر 2006ء	زیاراتِ مصر	برائے والدین کریمین، اساتذہ و عزیز و اقارب
8	اکتوبر 2006ء	بارگاہِ پیر رومی رضی اللہ عنہ میں	انتساب کتاب برائے والد گرامی
9	مارچ 2008ء	زیاراتِ مراکش	تذکرہ آباؤ اجداد
10	مئی 2008ء	فضیلتِ اہلِ بیت نبوی ﷺ	برائے والدین کریمین، اساتذہ و مشائخ محسنین
11	جنوری 2012ء	زیاراتِ ایران	تذکرہ والدین کریمین
12	جون 2013ء	ہدیۂ دُرُود و سلام	بیادِ ہمشیرہ پروین گولڑہ
13	2014ء	دُرُود و سلام کا نادر انسائیکلو پیڈیا	انتساب بنام والدہ ماجدہ و ہمشیرہ محترمہ
14	مئی 2014ء	پاکٹ سائز دُرُود و سلام	ہمشیرہ محترمہ کی پہلی برسی پر اُن کی یاد میں شائع ہوئی
15	جنوری 2015ء	دُرُود و سلام کی نادر کتاب	والدِ گرامی کی 26 ویں برسی کے موقع پر شائع ہوئی

مذکورہ بالا جملہ کتب کے ٹائٹل اور اُن کتب میں متعلقہ صفحات آنے والے صفحات میں ملاحظہ فرمائیں۔

16	مذکورہ بالا تحریری کام کے علاوہ عالمی زیاراتِ مقدسہ کی ویب سائٹ پر بھی بندہ کے آباؤ اجداد کا تفصیلی تذکرہ موجود ہے۔ ویب سائٹ کا ایڈریس سامنے درج ہے۔ www.ziarat-e-muqadisa.com
17	سوشل میڈیا پر بھی اپنے آباؤ اجداد کا تفصیلی تذکرہ موجود ہے۔ فیس بک کا ایڈریس درج ذیل ہے۔ Facebook/ziarat.e.muqadisa

اللہ تبارک و تعالیٰ ہماری اِن کوششوں کو قبول و منظور فرمائے اور مذکورۂ بالا جملہ کام

ہمارے جملہ مرحومین کی بخشش و مغفرت کا سبب بن جائیں۔ آمین بجاہِ سید المرسلین ﷺ

بلادِ اسلامیہ میں زیاراتِ مقدسہ
پر ایمان افروز تذکرہ

افتخار احمد حافظ

قارئین سے درخواست ہے کہ وہ اس تحریر کو پڑھنے کے بعد جہاں پر کوئی غلطی دیکھیں تو اس بندہ کو ضرور مطلع کریں تاکہ اس کی تصحیح کی جاسکے اور ساتھ ساتھ ایک اور درخواست بھی ہے کہ جو حضرات ان مقاماتِ مقدسہ پر حاضری کا شرف حاصل کریں تو اپنی دعاؤں میں اس بندۂ ناچیز اور اس کے والدین کو ضرور یاد رکھیں جس کے لئے میں ان کا پیشگی شکر گزار ہوں۔

آخر میں رب کائنات سے دعا ہے کہ خداوندا اپنے حبیب ﷺ کے طفیل اس تذکرہ بزرگان کو میرے لئے اور میرے والدین کے لئے صدقہ جاریہ اور باعث نجات بنا اور ان تمام حضرات کو بھی جزائے خیر عطا فرما جنہوں نے اس تحریر کو نشر کرنے میں مدد فرمائی۔ آمین بحق سید المرسلین ﷺ

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

افتخار احمد بن حافظ فقیر محمد

راولپنڈی
رمضان المبارک ۱۴۱۹ھ
جنوری ۱۹۹۹ء

زیاراتِ مقدسہ

ایران، افغانستان اور پاکستان
میں زیارات مقدسہ کا سفرنامہ

افتخار احمد حافظ

طرح متعارف کروایا۔ حضرت بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کے وصال کے بعد دونوں بھائی اپنے والد محترم کی سنت اسی خوش اسلوبی سے سرانجام دیتے رہے ابھی کچھ ہی عرصہ پہلے بڑے لالہ جی اس دار فانی سے کوچ کر گئے اور اس وقت حضرت شاہ عبدالحق صاحب مسند ارشاد پر متمکن آستانہ عالیہ کے فیض کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔

دعا ہے کہ اللہ تبارک و تعالیٰ اس آستانہ عالیہ کے فیوض و برکات کو تا ابد جاری و ساری رکھے تاکہ آنے والے زائرین ان فیوضات سے ہمیشہ مستفیض ہوتے رہیں آمین۔

چونکہ بندہ کے آباؤ اجداد کا تعلق بھی اسی آستانے سے ہے اس لئے ضروری سمجھتا ہوں کہ چند سطور میں ان کا بھی تذکرہ کر دیا جائے۔

مصنف کے آباؤ اجداد

کوئی ایک صدی سے بھی پہلے کی بات ہوگی کہ جب ہمارے جد امجد حضرت گل محمد رحمۃ اللہ علیہ افغانستان سے مرد حق کی تلاش اور روحانی منازل کی تکمیل کے لئے سفر کرتے کرتے پشاور پہنچے کچھ عرصہ پشاور میں قیام کے دوران معلوم ہوا کہ راولپنڈی کے قریب ایک مقام گولڑہ شریف میں حضرت پیر فضل دین شاہ المعروف بڑے پیر صاحب (حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کے ماموں اور سلسلہ قادریہ میں حضرت پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے پیر طریقت) اپنے روحانی فیض سے ایک عالم کو فیض یاب کر رہے ہیں۔ ہمارے جد امجد پشاور سے چلے اور حضرت پیر فضل دین شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت اقدس میں ایسے حاضر ہوئے کہ پھر ہمیشہ کے لئے یہیں کے ہو کر رہ گئے۔

والد محترم حافظ فقیر محمد (مرحوم) کی پیدائش 1910ء کے قریب گولڑہ شریف میں ہوئی قرآن پاک حفظ کیا اور اعلیٰ حضرت قبلہ پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے دست حق پرست پر بیعت کا شرف حاصل کیا اسی طرح والدہ محترمہ اور پھوپھی صاحبہ (عرصہ دراز

زیارتِ حبیب
صلی اللہ علیہ وسلم
ترجمہ: افتخار احمد حافظ قادری

شریک ہو سکتے ہیں اور بندہ کی طرف سے اسکی اشاعت کی اجازت ہے تا کہ یہ پیغام زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچ سکے۔

آخر میں دعا ہے کہ اے رب العالمین! اپنے پیارے حبیب ﷺ کے طفیل اس چھوٹی سی کوشش کو قبول و منظور فرما کر اسے میرے لئے اور میرے والدین کے لئے صدقہ جاریہ اور باعث نجات بنا اور اس کے ترجمہ میں مجھ سے کہیں بھی کوئی کمی یا غلطی ہو گئی ہو تو مجھے معاف فرما دینا۔

آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

آپکی دعاؤں کا محتاج

افتخار احمد حافظ قادری

مکان نمبر 6-999/A، گلی نمبر 9،

افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔

شب برات، بروز ہفتہ،

14 شعبان المعظم، 1421ھ

11 نومبر، 2000ء

گلدستہ
قصائد مبارکہ
فی مدح الحبیب صلی اللہ علیہ وسلم
سرکار مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ادنیٰ ترین امتی
افتخار احمد حافظ قادری

ہوں کہ انہوں نے نایاب قصائد بالخصوص قصیدہ حضرت اویس قرنی رضی اللہ عنہ ارسال فرمایا۔ بندۂ ناچیز کے فارسی کے استاذِ گرامی محترمی ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی رہا کا بھی تہہ دل سے ممنون ہوں کہ انہوں نے اپنی انتہائی مصروفیات کے باوجود ان قصائد مبارکہ اور اُن کے مؤلفین پر ایک نہایت پُر کیف اور طویل ترین قصیدہ تدوین فرمایا۔ اسی طرح محترم عبدالقیوم طارق سلطانپوری نے بھی حسبِ معمول بندہ کی اس کتاب پر بھی اپنا منظوم تبصرہ ارسال فرمایا۔ جس کیلئے ان کا بھی انتہائی شکر گزار ہوں۔ محترمی ڈاکٹر محمود فیضانی بھی میرے خصوصی شکریے کے مستحق ہیں کہ انہوں نے مکہ مکرمہ کی ایک روحانی شخصیت السید محمد امین کتبی رحمۃ اللہ علیہ کے حالات زندگی اور ان کے نعتیہ قصائد ارسال فرمائے۔

قارئین آپ بھی اس دعا میں میرے ساتھ شامل ہو کر ضرور آمین کہیں کہ اے پروردگار! اُمتِ محمدیہ ﷺ پر اپنا خصوصی فضل وکرم فرما کر اس کی عظمت رفتہ کو بحال فرما کہ ایک بار ہم بھی ملت اسلامیہ کی سربلندی اور سرخروئی کو دیکھ لیں۔ **یارب العالمین اس ناچیز سے جو یہ خدمت لی گئی ہے اس کو اپنی بارگاہ میں قبول ومنظور فرما کر اِسے اِس کے آباؤ اجداد، والدین، اساتذہ ومشائخ، جملہ احباب اور اس ناچیز اور اس کے اہل خانہ کی بخشش ونجات کا ذریعہ بنادے۔**

یوم عرس سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی

11 ربیع الثانی شریف 1422 ہجری

4 جولائی، 2001

آپ کی دعاؤں کا محتاج

سرکار مدینہ کا ادنیٰ ترین امتی

افتخار احمد حافظ قادری

افتخار احمد حافظ

خزانۂ
درود و سلام
صلی اللہ علیہ وسلم
ترتیب
السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی
ترجمہ و تلخیص
افتخار احمد حافظ قادری

خزانۂ درود و سلام ﷺ

تاریخ وتعداد اشاعت (بار پنجم) اگست 2001ء (500)

یارب العالمین بجاہ سرکار العالمین ﷺ کتاب مذکورہ کا اجر و ثواب و سعادت دارین ان تمام کو عطا فرما۔

☆ سرکار مدینہ ﷺ کی بعثت سے لے کر فاذا نقر فی الناقور (یعنی جب صور پھونکا جائے گا) تک، تمام امت محمدیہ ﷺ جو ازل سے ابد تک تیرے علم میں ہے اور جو لوح محفوظ میں درج ہیں۔

☆ بندۂ ناچیز کے آباؤ اجداد، اہل خانہ، اولین تا آخرین مرد و زن، تمام اساتذہ بالخصوص حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر السورتیؒ، حضرت مولانا حافظ ریاض احمد الاشرفیؒ، صاحبزادہ اصغر علی مستالویؒ، عندلیب رومی حضرت حاجی محبوب علی گولڑویؒ، ڈاکٹر محمد حسین تسبیحی مدینہ منورہ میں بندہ کے مرشد الشیخ السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی، عظیم مفسر قرآن الشیخ محمد متولی الشعراویؒ، فقیر محمد سرور شفقت قادری، تمام محسنین (بالخصوص محترمی داوود بن احمد الصام، آپ کے والدین، آپ کے اہل خانہ، شیخ غالب، محمد بشیر احمد)، جملہ دوست احباب، اعزہ و اقرباء اور جس کسی کا بھی اس بندۂ ناچیز سے کسی طور رابطہ رہا۔

وافوض امری الی اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم

ناچیز: افتخار احمد حافظ قادری

قصائد غوثیہ
(غوث اعظم ؓ کے چند نادر قصائد)
سگِ درگاہِ جیلان شو چو خواہی قربِ ربانی
کہ بر شیران شرف دارد سگِ درگاہِ جیلانی
سگِ درگاہِ جیلانی
افتخار احمد حافظ قادری

سلام" کرنے کی سعادت حاصل ہوئی تھی اور 27 رمضان المبارک کو ہی اس کتاب کا بھی پیش لفظ تحریر کیا تھا اور الحمد اللہ آج قصائدِ غوثیہ کا پیش لفظ بھی اسی تاریخ کو تحریر کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ یہ سب اللہ تبارک و تعالیٰ کا فضل و کرم اور سرکار مدینہ ﷺ کی خصوصی نظرِ رحمت ہے۔

قارئین کرام آپ بھی میری اس دعا میں شامل ہو کر آمین کہیں کہ اے رب العالمین نبی پاک ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ اور اس عظیم مبارک مہینہ، دن اور ساعت کے طفیل **میری قلیل سی تمام قلمی کاوشوں کو قبول و منظور فرما کر انہیں میرے لئے، میرے والدین، آباؤ اجداد، اہلِ خانہ، اساتذہ و مشائخ اور جملہ احباب و متعلقین کی بخشش و مغفرت کا سبب بنا دے،** یا رب العالمین نبی پاک ﷺ کے طفیل اپنے خصوصی کرم سے ایسے انتظامات فرما دیں کہ رمضان المبارک بھی سرکار مدینہ ﷺ کی خدمت اقدس میں گزارنے کا شرف حاصل ہو اور جن جن بزرگانِ دین اور عشاقانِ رسول ﷺ کے مزاراتِ مبارکہ پر حاضری کی شدید خواہش ہے ان کی تکمیل کیلئے بھی اسباب مہیا فرما دیں۔

آمین بجاہ المرسلین ﷺ

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کی دعاؤں کا محتاج

افتخار احمد حافظ

سگِ درگاہِ جیلانی

افتخار احمد حافظ قادری

27 رمضان المبارک

1422ھ

مجھ کو بھی مدینے بلا لو میرے مولا
سرکار کی بستی دکھا دو میرے مولا
افتخار احمد حافظ

راولپنڈی

27 رمضان المبارک 1422ھ

13 دسمبر 2001

زیارات مصر
خصوصی تذکرہ
قطب زماں
سیدنا ابو الحسن الشاذلی
مختصر تعارف
فضیلۃ الشیخ حضرت
غلام رضا العلوی
القادری الشاذلی
مدظلہ العالی
افتخار احمد حافظ قادری

شامل نہ کیا جاتا تو یہ کتاب نامکمل اور ادھوری رہ جاتی۔ جناب قبلہ حضرت غلام رضا علوی قادری شاذلی صاحب شدت سے خلوت نشینی اور اخفاء میں رہنے کو ترجیح دیتے ہیں۔ اسی وجہ سے جناب نے اپنے تمام روحانی احوال و کیفیات کو پردۂ اخفاء میں رکھا ہوا ہے۔ اللہ تبارک وتعالیٰ ان کے تمام "اسرار" کی حفاظت فرمائے۔ آمین! یہ بندۂ ناچیز حضرتِ شیخ کے منظورِ نظر حافظ افتخار احمد قادری شاذلی (حج وعمرہ والے)، جملہ مریدین، متوسلین، عقیدت مندوں اور منتظمین مسجد و لنگر شریف کا بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے کہ جو اپنے سلسلۂ عالیہ کی ترویج کیلئے کوشاں رہتے ہیں۔

پیش لفظ کے انہی ٹوٹے پھوٹے الفاظ کو سمیٹتے ہوئے میں محترمی جناب محمد اقبال ہاشمی صاحب کا خصوصی طور پر شکریہ ادا کرنا اپنا فرض سمجھتا ہوں کیونکہ ان کی مساعی جمیلہ اگر میرے شاملِ حال نہ ہوتی تو اس مختصر تعارف کا شائع ہونا بھی ناممکن ہوتا۔

آخر میں رب تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ میری اس قلیل سی کاوش کو قبول و منظور فرما کر انہی عارفین باللہ کے صدقے اس کو میرے لئے میرے والدین، اساتذہ و مشائخ، عزیز و اقارب اور دوست احباب کیلئے صدقۂ جاریہ کا باعث بنا دے اور اس کے فیوض و برکات سے ہم سب کو مستفیض فرمائے۔

اَللّٰهُمَّ احْفَظْنَا مِنْ جَمِيْعِ اَعْدَائِنَا مِنْ بَيْنِ اَيْدِيْنَا وَمِنْ خَلْفِنَا وَعَنْ اَيْمَانِنَا وَعَنْ شَمَائِلِنَا مَا اَبْقَيْتَنَا، وَاحْفَظْ دِيْنَنَا بِمَا حَفِظْتَ بِهٖ عَبْدَكَ الَّذِيْ فَهَّمْتَهٗ وَسَخَّرْتَ لَهُ الشَّيَاطِيْنَ ثُمَّ قُلْتَ وَكُنَّا لَهُمْ حَافِظِيْنَ. فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَهُوَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ.

آمین بجاہ سید المرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

الفقیر الی اللہ و رسولہ

افتخار احمد

افتخار احمد حافظ قادری

بارگاہِ
پیرِ رُومی رضی اللہ عنہ
میں
افتخار احمد حافظ قادری

انتساب

بنام

عارفِ کامل، صاحبِ سوز و گداز و قافلہ سالارِ عشق

حضرت مولانا جلال الدین رومی رضی اللہ عنہ

اور

اپنے والدِ گرامی حافظ فقیر محمد رحمۃ اللہ علیہ

اُن کے مرشدِ کریم اعلیٰ حضرت قبلہ پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ

اُن کے نورِ نظر، پیکرِ مہر و وفا، عاشقِ پیرِ رومی

حضرت قبلہ سید غلام محی الدین المعروف بابو جی رحمۃ اللہ علیہ

اور عندلیبِ رومی، دانائے رموز و سماع حضرت حاجی محبوب علی گولڑوی رحمۃ اللہ علیہ

کہ جن کے حضرت مولانا روم رضی اللہ عنہ سے والہانہ عشق و محبت اور مثنوی کے ذوق و شوق کے طفیل بندۂ ناچیز کو بھی بارگاہِ رومی میں دو (2) بار حاضری کا شرف حاصل ہوا اور اب یہ دلی تمنا ہے کہ

آرزو دارم کہ یک بارِ دگر در قونیہ

سر نہم بر آستانِ آسمان مولائے روم

افتخار احمد حافظ قادری

افتخار احمد حافظ قادری

اللہ تبارک وتعالیٰ نے مقصودِ کائنات، فخرِ موجودات، ختم المرسلین حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں صحابۂ کرام کے بعد اولیاء وصالحین کو پیدا فرمایا اور قیامت تک اصلاحِ احوال کیلئے ایسے لوگ آتے رہیں گے تاکہ امت میں تبلیغ اور اشاعتِ دین کا سلسلہ جاری رہے، نیز تزکیۂ نفس اور طہارتِ قلب کیلئے لوگوں کی رہنمائی ہوتی رہے۔ عالمِ اسلام کے گوشے گوشے میں اس سلسلۃ الذہب کے آستانے عوام کی رشد وہدایت اور خواص کی بلندیٔ درجات کا ذریعہ ہیں۔

محترم افتخار احمد حافظ قادری ایسے خوش بخت اور باسعادت لوگوں میں سے ہیں کہ جن کی زندگی کا نصب العین ان آستانوں کی حاضری اور حصولِ فیض ہے۔

درج ذیل سطور میں ان کی زندگی کے چند گوشوں پر روشنی ڈالی جائے گی۔

آباء و اجداد

حافظ فقیر محمد کے ہاں راولپنڈی کی قدیم ترین آبادی پرانا قلعہ میں 5 اپریل 1954ء کو ایک ہونہار بچہ پیدا ہوا جس کا نام افتخار احمد رکھا گیا۔ جو بڑا ہو کر اپنے خاندان کیلئے واقعی افتخار کا موجب بنا۔ قریباً ایک صدی پہلے آپ کے جدِ امجد حضرت گل محمد رحمۃ اللہ علیہ اولیاء اور مجاہدین کی سرزمین افغانستان سے مردِ حق کی تلاش اور روحانی منازل کی تکمیل کیلئے سفر کرتے کرتے پشاور پہنچے۔ پشاور میں کچھ عرصہ قیام کے دوران معلوم ہوا کہ راولپنڈی کے قریب مارگلہ پہاڑیوں کے دامن میں گولڑہ شریف میں حضرت فضل دین شاہ المعروف بڑے پیر صاحب (حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے والد محترم کے ماموں اور سلسلۂ قادریہ میں حضرت پیر مہر علی شاہ کے پیرِ طریقت) اپنے روحانی فیض سے ایک عالم کو منور فرما رہے ہیں۔

حضرت گل محمد پشاور سے چلے اور حضرت فضل دین شاہ رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں ایسے حاضر ہوئے کہ پھر ہمیشہ کیلئے یہیں کے ہو کر رہ گئے۔ اندازاً 1923ء میں افتخار احمد قادری کے جدِ امجد کا وصال گولڑہ شریف میں ہوا اور بڑے پیر صاحب کے قدموں کی جانب احاطہ مزار کے باہر دائیں طرف ابدی نیند سو رہے ہیں۔

محترم افتخار احمد حافظ صاحب کے والدِ گرامی حافظ فقیر محمد 1910ء کے لگ بھگ گولڑہ شریف میں

انتخاب از

جواہر العقدین

للعلامہ السید نور الدین علی السمہودی

فضیلتِ اہلِ بیتِ نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

حسب خواہش ودعائے خصوصی

السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی

السید محمد انور الجیلانی القادری الرزاقی

السید علوی بن السید شیخ الحسینی باھقیه

خاکپائے اہل بیت افتخار احمد حافظ قادری

حصوں پر مشتمل ہے پہلے حصے میں فضیلت علم اور علماء پر قرآن و حدیث کی روشنی میں بحث کی گئی ہے جب کہ دوسرے حصے میں حضور پاک ﷺ کے نسب مبارک اور فضیلت اہل بیت کرام پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔ کتاب مذکورہ کا ایک نسخہ (مطبوعہ دار الکتب العلمیہ — بیروت، لبنان، اشاعت ثانیہ 2002) اس بندۂ ناچیز کے مرشد پاک اور حضرت علامہ نور الدین علی السمہودی رضی اللہ عنہ کی آلِ مبارک کی ایک عظیم علمی و روحانی شخصیت حضرت السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی مدظلہ العالی (مقیم مدینہ منورہ) نے اس بندہ کو ارسال کیا اور ساتھ ہی اس خواہش کا بھی اظہار فرمایا کہ اگر کتاب مذکورہ کے حصہ دوم کا ترجمہ کر کے محبین اہل بیت کرام کی خدمت میں پیش کیا جائے تو جہاں ایک طرف یہ کام باعث خیر و برکت ہوگا تو دوسری طرف لوگ اہل بیت کرام کے عظیم نسب و شرف اور توقیر و فضیلت سے مزید آگاہ ہوں گے۔ گو یہ بندۂ حقیر پر تقصیر تو کسی کام کے لائق نہیں لیکن یہ ان کا حسن ظن ہے کہ انہوں نے اس ناچیز کو اس شرف عظیم سے نوازنے کیلئے منتخب فرمایا۔ سو مرشد پاک کی خواہش کا احترام کرتے ہوئے بلکہ انہی کی روحانی توجہ کے سبب اس امید کے ساتھ اس کام کو کرنے کی ابتداء کی کہ اہل بیت کرام کے ذکر مبارک کو بلند کرنے والوں میں اس ناچیز کا بھی شمار ہو جائے گا۔ اور **انشاء اللہ العزیز اس مبارک عمل کی وجہ سے سرکارِ مدینہ ﷺ اس ناچیز، اس کے مرحوم والدین، اساتذہ و مشائخ، دوست و احباب، محسنین اور اس کے اہل خانہ کی بخشش و مغفرت فرما دیں گے۔**

لے جا صبا حضور ﷺ سے کہتا ہے اک غلام
بس اک نظر ہو ایک نظر کا سوال ہے

بحمد اللہ حصہ دوم سے انتخاب اور پھر ترجمہ قارئین کی خدمت میں پیش ہے۔

جناب پیر سید رفاقت علی شاہ مشہدی کاظمی قادری
کا سفرِ
زیاراتِ ایران
مع
مختصر سوانح حیات
و
تاثرات
101 نادر و یادگار
قدیم و جدید تصاویر کا
خزانہ
تحریر و تصاویر
افتخار احمد حافظ قادری

محترم افتخار احمد حافظ صاحب کے والدِ گرامی حافظ فقیر محمد 1910ء کے لگ بھگ گولڑہ شریف میں پیدا ہوئے۔ قرآن پاک حفظ کرنے کی سعادت حاصل کی اور اعلیٰ حضرت پیر مہر علی شاہ کے دستِ مبارک پر بیعت کا شرف حاصل کیا۔ فارسی اور پشتو زبان روانی سے بولتے تھے۔ اعلیٰ حضرت کے حکم سے فتح جنگ کے موضع بھٹھی کی ایک خاتون سے شادی ہوئی جو خانقاہ گولڑہ شریف کی عقیدت مند تھی۔ ان کو اللہ تبارک وتعالیٰ نے سات بیٹوں اور دو بیٹیوں سے نوازا۔

جناب حافظ فقیر محمد 35-1930 میں راولپنڈی کے ایک مقام پرانا قلعہ منتقل ہو گئے۔ پھر 57-1956 میں کوچہ شاہین، صدر بازار منتقل ہوئے جہاں کچھ عرصہ رہائش کے بعد پریم گلی مولوی محلّہ صدر بازار راولپنڈی میں اپنا مکان خرید لیا اور یہاں مستقل رہائش اختیار کر لی۔ آپ کا وصال 21 جنوری 1989ء راولپنڈی میں ہوا۔ 22 جنوری کو پہلی نمازِ جنازہ راولپنڈی میں ادا کی گئی، دوبارہ نمازِ جنازہ گولڑہ شریف میں (اعلیٰ حضرت کے والدِ محترم کے مزارِ مبارک کے باہر) بعد نمازِ عصر ادا کی گئی۔ حافظ فقیر محمد کی اکلوتی بہن جنہوں نے عرصہ دراز تک گولڑہ شریف کا لنگر پکایا۔ 26 رجب المرجب 1409ھ (مارچ 1989) کو گولڑہ شریف میں انتقال ہوا اور شب معراج گولڑہ شریف میں ہی نمازِ جنازہ ادا کی گئی۔ افتخار احمد حافظ کی والدہ محترمہ 8 شوال المکرم 1413ھ (کیم اپریل 1993) کو راولپنڈی میں وصال فرما گئیں۔ یہ تینوں مہربان شخصیات بھی گولڑہ شریف میں حضرت پیر فضل دین شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے زیرِ سایہ ابدی استراحت فرما رہی ہیں۔ یہ تینوں قبور مبارکہ کنویں کے بائیں جانب لوہے کے جنگلہ میں ہیں اور ایک قدیم درخت کی شاخیں ان قبورِ مبارکہ کو ڈھانپے ہوئے ہیں۔ اللہ تبارک و تعالیٰ ان سب کے درجات بلند سے بلند تر فرمائے۔ گولڑہ شریف سلام کے وقت راقم الحروف کا معمول ہے کہ وہ اس مقام پر بھی حاضری دیتا ہے۔ قارئین محترم سے بھی درخواست ہے کہ اگر ان کا اس طرف گزر ہو تو ان قبور پر بھی فاتحہ پڑھتے جائیں۔

تعلیم

محترم افتخار احمد حافظ کی پیدائش تو پرانا قلعہ راولپنڈی میں ہوئی، لیکن بچپن اور لڑکپن صدر میں گزرا۔ پرائمری کا امتحان سی۔ بی۔ سکول (ایف۔ جی سکول) واقع احاطہ مٹھو خان کے پاس

ہدیۂ
درُود و سلام
بیادِ
پروینِ گولڑہ
تحریر و ترتیب
افتخار احمد حافظ قادری

نام کتاب ہدیۂ دُرود و سلام

تحریر و ترتیب افتخار احمد حافظ قادری

بیادِ پروینِ گولڑہ

تاریخِ اشاعت جون 2013ء / رجب المرجب 1434ھ

تعداد اشاعت ایک ہزار

ہدیۂ کتاب کثرت سے دُرود و سلام کا وِرد

برائے ایصالِ ثواب و دُعائے بخشش و مغفرت

جمیع اُمّتِ محمدیہ صلی اللہ علیہ وسلم

خصوصاً

ہمشیرۂ محترمہ پروین اختر مرحومہ

محلّہ پیراں والا، گولڑہ شریف، ضلع اسلام آباد

انتسابِ کتاب

بنام

همشیرہ پروین اختر مرحومہ

بنت

حافظ فقیر محمد مرحوم

جو

تمام عمر حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کے نامِ پاک کا وِرد کرتی رہیں،

ہمہ وقت مخلوقِ خدا کی خدمت میں مصروف رہیں

اور

ہر ایک کیلئے ہمیشہ دُعائیں کرنے میں مصروف رہتیں۔

افتخار احمد حافظ قادری

پروینِ گولڑہ

موت فنا کا نام نہیں بلکہ بقاء کا نام ہے۔ سرکارِ مدینہ ﷺ کا ارشادِ مبارک ہے کہ "ایمان والوں کو موت نہیں آتی بلکہ وہ اپنے عارضی گھر سے دائمی گھر کی طرف روانہ ہوتے ہیں اور اُس گھر تک پہنچنے کیلئے موت ایک پُل کا کام کرتی ہے"۔

شہنشاہِ بغداد سیدنا غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں کہ رب تعالیٰ نے مجھے بذریعہ الہام مخاطب کرتے ہوئے فرمایا ہے کہ "اے غوثِ اعظم! اگر انسان جان لے کہ اُس کیلئے موت کے بعد کیا ہے تو پھر وہ اس عارضی زندگی کی آرزو نہ کرے، کیونکہ جو اس زندگی کی آرزو کرتا ہے وہ ہرگز خدا تک نہیں پہنچ سکتا۔"

ہماری پیاری ہمشیرہ محترمہ پروین اختر بنت حافظ فقیر محمد ہم سب کو مستقل الوداع کہنے کے بعد داغِ مفارقت دیتے ہوئے یکم جون 2013ء بروز ہفتہ بمطابق 21 رجب المرجب 1434ھ بارگاہِ رب العزت میں پیش ہوگئی ہیں، جس پر نہ صرف ہم سب بلکہ اہلیانِ گولڑہ شریف کی ہر آنکھ نمناک اور سوگوار ہے۔ یہ ہماری وہ پیاری ہمشیرہ صاحبہ ہیں جو ہمیشہ دُرود وسلام پڑھنے میں مصروف رہا کرتیں اور اکثر اُن کی زبان پر نعت شریف کا یہ شعر ہوتا تھا۔

سنا ہے آپ ﷺ ہر عاشق کے گھر تشریف لاتے ہیں
میرے گھر میں بھی ہو جائے چراغاں یارسول اللہ ﷺ

حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ سے انتہا درجہ عقیدت ومحبت تھی، اُٹھتے بیٹھتے سرکارِ بغداد رضی اللہ عنہ کا نام ہمشیرہ صاحبہ کی زبان پر ہوتا تھا۔ اللہ تبارک وتعالیٰ نے ہماری اس پیاری بہن کو بہت سی خوبیوں سے نوازا تھا (بڑی خوبیاں اُس عفیفہ میں تھیں)۔

محلہ پیراں والا گولڑہ شریف کی ہر خاتون اور مرد کی زبان پر ایک ہی جملہ سننے میں آتا ہے کہ وہ عظیم خاتون تھیں، وہ ہر ایک کا غم رکھنے والی، اللہ والی

خاتون تھیں، وہ غوث پاک رضی اللہ عنہ کی دیوانی تھیں، ہمیشہ انسانیت کی خدمت میں مصروف رہتیں، پیرانِ عظام گولڑہ شریف کی غلامہ و خادمہ تھیں اور انشاء اللہ العزیز وہ جنتی خاتون ہیں۔ ہمیں یقین نہیں آتا کہ وہ اتنی جلدی ہمیں چھوڑ کر اپنی اگلی منزل کی طرف روانہ ہوگئی ہیں۔

ہمشیرہ پروین اختر پورے گولڑہ شریف کی ''پروین (روشنی اور راہ دکھانے والی)'' اور ''آپا جی'' تھیں۔ ہر چھوٹا بڑا مرد و عورت دل سے اُن کی عزت و احترام کرتا تھا اور اُن سے دُعاؤں کا طلبگار ہوتا تھا۔ پیرانِ عظام کے گھروں میں اُن کو ایک خاص مقام و مرتبہ حاصل تھا اور انہیں قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا تھا۔

پیر صاحب سدرہ شریف جناب سید محمد انور گیلانی قادری مدظلہ العالی (ڈیرہ اسماعیل خان) کی خدمت میں جب بھی میری حاضری ہوتی تو وہ ہمیشہ ہمشیرہ صاحبہ کا ضرور پوچھتے اور انہیں ''گولڑے والی بہن'' کے نام سے یاد کرتے۔ جناب کو جب میں نے ہمشیرہ صاحبہ کے وصال کی خبر سنائی تو آپ بہت زیادہ افسردہ ہوگئے، دلی تعزیت کا اظہار فرمایا اور اگلے دن ہمشیرہ صاحبہ کی قبر پر بذریعہ فون دُعائے بخشش و مغفرت کروائی۔

ہمشیرہ پروین اختر کی پیدائش سال 1951ء کوہ مری، ضلع راولپنڈی میں ایک انتہائی خوشی اور برکت والے دن یعنی رمضان المبارک والی عید کے دن ہوئی۔ 20 سال کی عمر میں مؤرخہ 31 جنوری 1971ء رشتۂ ازدواج میں منسلک ہوئیں۔ پورے 42 سال اور 6 ماہ محلّہ پیراں والا، گولڑہ شریف میں اپنے خاوند کے گھر عزت و وقار اور صبر و استقلال کے ساتھ گزارنے کے بعد تقریباً 62 سال کی عمر میں بغیر کسی بیماری کے داعیٔ اجل کی آواز پر لبیک کہہ دیا۔

ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کو بزرگانِ دین کے مزاراتِ مبارکہ پر حاضری کا بہت زیادہ شوق تھا۔ تقریباً پورے پاکستان کی اہم و مشہور زیاراتِ مقدسہ پر حاضری کا شرف حاصل کیا۔ پاکستان سے باہر دو مرتبہ عمرہ شریف اور مدینہ منورہ حاضری کی سعادت حاصل کرنے کیلئے تشریف لے گئیں۔ پہلی بار دسمبر 1993ء میں اور دوسری بار جون 2007ء میں۔ مدینہ منورہ کی دوسری و آخری حاضری کے موقع پر ہمہ وقت اُن کی زبان پر یہ مصرعہ ہوتا تھا۔

یہ لمحے زندگی میں بار بار آیا نہیں کرتے

ہمشیرہ صاحبہ کی بیعتِ ارادت غوثِ زمان حضور قبلہ پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے صاحبزادہ والا شان حضور قبلہ بابو جی رحمۃ اللہ علیہ سے تھی۔ گولڑہ شریف میں منعقدہ جملہ تقریبات میں شامل ہوتیں اور گھر پر بھی دور و نزدیک سے آنے والے ہر مہمان کی خدمت کر کے خوشی محسوس کرتیں۔ راولپنڈی شہر کی ایک عظیم روحانی و علمی، قادری شاذلی شخصیت جناب حضرت غلام رضا علوی مدظلہ العالی سے بھی ہماری ہمشیرہ کو انتہائی عقیدت و محبت تھی اور ذوق و شوق سے آپ اُن کا ذکر سنا کرتیں۔ حضرت قبلہ شاذلی صاحب کی ناسازیٔ طبع کے باوجود میں نے ضروری سمجھا کہ جناب کو کم از کم اطلاع ضرور دے دوں۔ اطلاع دی تو واپس جواب آیا کہ جناب خود جنازے میں شرکت کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔

سفرِ آخرت اور تدفین

ہمشیرہ صاحبہ کی نمازِ جنازہ کا وقت بعد از نمازِ ظہر مسجد دربارِ غوثیہ گیلانیہ، گولڑہ شریف مقرر تھا۔ جنازہ کی تیاری کے بعد خواتین نے محفلِ ذکر و نعت منعقد کی۔ دُعا کے بعد ہم بھائیوں اور ہمارے بیٹوں نے قصیدہ بردہ شریف

نعت شریف اور منقبت حضور غوثِ پاک رضی اللہ عنہ کا نذرانہ پیش کیا۔ ایک بج کر دس منٹ پر ایک جم غفیر کی آہوں اور سسکیوں میں ہمشیرہ صاحب کے جنازے کو کلمہ شہادت کی گونج میں اُٹھایا گیا جس سے گھر میں ایک کہرام مچ گیا۔ آہستہ آہستہ دربارِ غوثیہ کی مسجد کی طرف روانہ ہوئے اور ظہر کی اذان تک مسجد پہنچ گئے۔

حضور قبلہ پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے والدِ گرامی کے قدموں میں جنازہ رکھا گیا، طلباء نے قرآن خوانی شروع کی۔ دربار شریف کی مسجد باہر تک نمازیوں اور دُور دراز کے مہمانوں اور سوگواران سے بھر گئی، جن میں کئی عظیم روحانی شخصیات موجود تھیں۔

دربارِ شگئی شریف (پشاور) سید دلاور بادشاہ رحمۃ اللہ علیہ کے خلیفۂ مجاز حضرت بابا فقیر امیر نواز چشتی اجمیری مدظلہ العالی اپنے مریدین کے ہمراہ جنازہ کی ادائیگی کیلئے تشریف لائے۔ کچھ ہی دیر بعد قبلہ حضرت غلام رضا علوی قادری شاذلی صاحب بھی کرم فرماتے ہوئے تشریف لے آئے۔ میں نے آگے بڑھ کر نمازِ جنازہ پڑھانے کی درخواست کی۔ ایک بج کر پینتالیس منٹ پر نمازِ ظہر ادا ہوئی۔ دُعا کے بعد اعلان ہوا کہ تمام حاضرین اپنی اپنی جگہوں پر تشریف رکھیں۔ دو بجے نمازِ جنازہ مسجد میں ہی ادا کی جائے گی۔

نمازِ جنازہ کی صف بندی ہوئی اسی اثناء سجادہ نشین گولڑہ شریف حضرت شاہ عبدالحق گیلانی مدظلہ کے صاحبزادہ قطب الحق شاہ گیلانی تشریف لے آئے۔ قبلہ شاذلی صاحب کی قیادت میں نمازِ جنازہ ادا ہوئی۔ صاحبزادہ قطب الحق شاہ صاحب نے دُعا فرمائی، اُن کے بعد قبلہ شاذلی صاحب نے دُعا کروائی اور جنازے کو اُٹھاتے ہوئے حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک اور ہمشیرہ صاحبہ کے پیر و مرشد حضرت قبلہ بابو جی رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں

پیش کیا اور درخواست کی ، اب وقت آ گیا ہے کہ اپنی مریدنی کی مدد فرمائیں۔ یہ اُنہی کا تصرف اور ہمشیرہ کی اپنی قسمت و مقدر کہ آخری وقت میں بھی اپنے مرشد کامل کی خدمت میں حاضری ہوگئی اور یقیناً اُنھوں نے اِن پر نظرِ کرم فرماتے ہوئے یہ پیغام دے دیا ہوگا کہ آپ فکر نہ کریں ہم خود آپ کے ذمہ دار ہیں۔

حضرت قبلہ پیر مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ کے مزار مبارک کے پھول جناب قبلہ شاذلی صاحب کو پیش کیے گئے کہ یہ بابرکت پھول ہماری ہمشیرہ کے کفن اور جنازہ پر رکھیں۔ اسی دوران آپ نے چند ایسے بابرکت کلمات ادا کیے کہ خود آپ پر بھی ایک وجدانی کیفیت طاری ہوگئی اور آپ کی چشمانِ مبارک سے آنسو رواں ہوگئے۔ ایک عجب منظر تھا، ہر شخص کی آنکھوں سے جاری تھے۔ قبلہ شاذلی صاحب نے آنسوؤں کی روانی میں ہی دُعا کروائی۔ پھر جنازہ مبارک کو اُٹھا کر قبلہ بڑے لالہ جی کے قدموں میں رکھا گیا۔ قبلہ شاذلی صاحب نے آپ کے دربارِ مقدس کے پھول ہمشیرہ صاحبہ کے جنازے پر نچھاور کرتے ہوئے رقّت آمیز دُعا فرمائی۔ جنازہ حضرت قبلہ شاہ نصیر الدین رحمۃ اللہ علیہ کے قدموں میں لے جایا گیا، اُن کے دربارِ مقدس کے پھول بھی ہمشیرہ صاحبہ کے کفن میں رکھے گئے اور دُعا ہوئی۔ اس موقع پر حضرت قبلہ شاذلی صاحب کے دُعائیہ کلمات انشاء اللہ العزیز ہماری ہمشیرہ صاحب صاحبہ کی بخشش و مغفرت کا سبب بنیں گے۔ یہاں سے جنازہ اُٹھایا تو عورتوں کا ایک ہجوم تھا جو اس خوش قسمت خاتون کی زیارت کرنا چاہتا تھا، اُنہیں زیارت کروائی گئی۔ اُس کے بعد محلہ پیراں والا کے قدیم قبرستان میں ہمشیرہ صاحبہ کی تدفین ہوئی۔ قبر مبارک پر دُعا پیر عطاء الحسن گیلانی صاحب نے کروائی۔

ملکِ پاکستان کے مشہور ادیب، نعت گو و تاریخ گو شاعر جناب

طارق سلطانپوری صاحب نے ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کا مادۂ تاریخ (سالِ وصال) قرآن پاک کی اس آیت مبارکہ سے نکالا ہے۔ ''**اُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا**'' (اس آیت مبارکہ کے اعداد 1434 بنتے ہیں)

ایک حدیث نبوی ﷺ کے مطابق رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''قبر جنت کے باغوں میں سے ایک باغ ہوتی ہے یا جہنم کے گڑھوں میں سے ایک گڑھا''۔ اے ہمشیرہ صاحبہ! ہم سب آپ کیلئے بارگاہِ رب العزت میں نہایت عجز وانکساری اور خلوصِ دل کے ساتھ دُعا کرتے ہیں کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اپنے پیارے حبیب کریم، رؤف الرحیم، سید المرسلین ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ سے آپ کی قبر مبارک کو جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنادے۔ آمین

اے ہمشیرہ صاحبہ! آپ تو یقیناً بہت خوش قسمت ہیں، مدینہ طیبہ طاہرہ کی پاک ہواؤں اور فضاؤں میں آپ کا ذکرِ خیر ہو رہا ہے۔ آپ کی بخشش اور مغفرت کی دُعائیں ہو رہی ہیں۔ میرے سیدی ومرشدی الشیخ السید تیسیر محمد یوسف الحسنی السمہودی المدنی مدظلہ العالی مسجد نبوی شریف میں بیٹھے آپ کی مغفرت کیلئے دُعائیں فرما رہے ہیں۔ عاشق دُرود وسلام اور دُنیا میں اس کی مہک اور خوشبو بکھیرنے والی مکہ مکرمہ کی ایک عظیم شخصیت جناب ڈاکٹر ابو مختار قاسم مدظلہ العالی حرم مکہ میں آپ کی بخشش ومغفرت کیلئے دل کی گہرائیوں سے دُعا گو ہیں۔ اس لئے ہم اللہ تبارک وتعالیٰ سے اس بات کی بھی کامل اُمید رکھتے ہیں کہ فرشتوں نے قبر کے سوال وجواب کے بعد انشاء اللہ العزیز آپ کو جنت کی بشارت دیتے ہوئے یہ فرمادیا ہوگا کہ ''اب آپ آرام سے دُلہن جیسی نیند کریں''۔

بروز اتوار بعد از نمازِ عصر ہم ہمشیرہ صاحبہ کی قبر پر حاضر ہوئے، سورۃ یٰسین اور دلائل الخیرات شریف کا ختم پڑھا، مدینہ طیبہ طاہرہ کی معطر ومعنبر

فضاؤں سے ایک حسینی سیدزادے عاشق رسول ﷺ جناب الشیخ السید علوی بافقیہ مدظلہ العالی کا فون آیا، تعزیتی کلمات کے بعد آپ نے با آوازِ بلند ہمشیرہ صاحب کی بخشش ومغفرت کیلئے دُعا فرمائی۔

موت اگر فنا کا نام نہیں تو کیا اموات کو صدقات کا ثواب پہنچتا ہے، حضرت انس رضی اللہ عنہ نے سرکارِ دو عالم ﷺ کی بارگاہِ اقدس میں عرض کی، "یا رسول اللہ ﷺ! ہم اپنے فوت شدگان کے ایصالِ ثواب کیلئے جو صدقات کرتے ہیں کیا انہیں اُن اعمال کا ثواب پہنچتا ہے؟"، جس پر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا "بے شک اُن کو اُن تمام اعمال کا ثواب پہنچتا ہے اور وہ اسی طرح خوش ہوتے ہیں جس طرح آپ کسی تحفے کے وصول ہونے پر خوشی کا اظہار کرتے ہو"۔

اس فانی دنیا سے اپنے جانے والے پیاروں کو یاد رکھنے کا بہترین طریقہ اُن کیلئے صدقۂ جاریہ اور دُعائے بخشش ومغفرت ہے۔ اپنی ہمشیرہ مرحومہ و مغفورہ کی محفلِ چالیسواں کے موقع پر دُرود وسلام کی یہ بابرکت ومبارک کتاب اُن کے ایصالِ ثواب کیلئے تقسیم کی جارہی ہے۔ جس میں سرکارِ مدینہ ﷺ کے اسمِ مبارک "محمد ﷺ" کے عدد (۹۲) کے برابر (۹۲) صیغہ ہائے دُرود وسلام موجود ہیں جن کو پڑھنے کیلئے زیادہ سے زیادہ تیس منٹ چاہئیں، حکمِ خداوندی پر عمل، سرکارِ مدینہ ﷺ کی خوشنودی اور خیر وبرکت کے حصول کیلئے کم از کم ایک بار روزانہ اس کتاب کو پڑھنے کے بعد سرکارِ مدینہ ﷺ کی ساری امت اور بالخصوص ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کی بخشش ومغفرت کی دُعاؤں کی درخواست ہے۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کا بھی خاتمہ ایمان اور خیر پر فرمائے۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

افتخار احمد حافظ قادری

(فون 0344-5009536)

الموسوعة

المسمی بہ

سرُّ اللہ الاعظم فی الصلاۃ والسلام علی سیدنا ومولانا محمد خیر الانام

درُود وسلام

کی نادر کتب کا انسائیکلوپیڈیا

(Encyclopedia)

ترتیب

افتخار احمد حافظ قادری

تحقیق وطباعت

محمد ذیشان انجم قادری

جلد اوّل

انتساب انسائیکلوپیڈیا بنام
ENCYCLOPEDIA

سیدۃ حوا علیہا السلام سے لے کر قیامت تک کی عظیم خواتین

بالخصوص

سیدۃ آمنہ رضی اللہ عنہا (والدۂ ماجدہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وسلم)

جمیع اُمہات المومنین رضی اللہ عنہن

بالخصوص
سیدۃ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا
سیدۃ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سرکارِ دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم کی جملہ صاحبزادیاں

خصوصاً خاتونِ جنت سیدۃ فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا

سیدۃ فاطمہ بنت اسد رضی اللہ عنہا (والدۂ ماجدہ مولائے کائنات سیدنا حضرت علی رضی اللہ عنہ)

سیدۃ حلیمہ سعدیہ رضی اللہ عنہا

سیدۃ رابعہ بصریہ رضی اللہ عنہا

سیدۃ فاطمہ اُم الخیر رضی اللہ عنہا
(والدۂ ماجدہ سرکار غوث الاعظم رضی اللہ عنہ)

اور

مرحومہ فضل نیشان رحمۃ اللہ علیہا (زوجہ حافظ فقیر محمد قادری مرحوم)

(والدۂ ماجدہ افتخار احمد حافظ قادری)

محترمہ مہرُ النساء (زوجہ راجہ علی اصغر قادری مرحوم)
محترمہ فوقیہ ناہید (〃 〃)
(والدۂ ماجدہ محمد ذیشان انجم قادری چشتی نظامی)

مرحومہ روبینہ اصغر (بنت راجہ علی اصغر قادری مرحوم)

مرحومہ پروین اختر (بنت حافظ فقیر محمد قادری مرحوم)

برائے ایصال ثواب

جمیع امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

خصوصاً

ہمشیرہ محترمہ پروین اختر مرحومہ

محلّہ پیراں والا، گولڑہ شریف

(درود وسلام کا یہ گلدستہ ہمشیرہ پروین اختر مرحومہ کی پہلی برسی کے موقع پر
بروز بدھ 21 مئی 2014 بمطابق 21 رجب 1435 ھجری کو پیش کیا جا رہا ہے)

سرکارِ مدینہ ﷺ کا ارشادِ مبارک
"جس نے مجھ پر ایک ہزار مرتبہ دُرود پڑھا تو جنت کے دروازے پر
اُس کا کندھا میرے کندھے کے ساتھ جڑا ہوگا"۔

ایک ہزار صیغہ جات پر مشتمل

دُرود و سلام

کی

نادر کتاب

اَلصَّلَوَاتُ الْاَلْفِیَۃُ
فِی الْکَمَالَاتِ الْمُحَمَّدِیَّۃِ ﷺ

مع

صَلَوَاتُ النَّبَوِیَّۃِ ﷺ

بیاد
افتخار احمد حافظ قادری
کے جملہ مرحومین
خصوصاً
والدین کریمین و عزیز و اقارب

ترتیبِ نو
افتخار احمد حافظ قادری

تحقیق و تقدیم
محمد ذیشان انجم قادری

ایصال اجر و ثواب

یارب العالمین! سرکارِ مدینہ ﷺ کے وسیلۂ جلیلہ سے درُود و سلام کی اس نادر کتاب کا اجر و ثواب درج ذیل مرحومین کو عطا فرما۔

نبی اکرم ﷺ کی بعثتِ مبارکہ سے لے کر صور پھونکے جانے تک جمیع اُمتِ محمدیہ ﷺ

خصوصاً

☆	بندۂ ناچیز کے جدِ امجد حضرت گل محمد قادری رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے جملہ آباؤ اجداد مسلمین و مسلمات رحمۃ اللہ علیہم
☆	بندۂ ناچیز کے والدِ گرامی کے مرشدِ کریم اعلیٰ حضرت پیر سید مہر علی شاہ رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے فرزند حضرت قبلہ بابوجی رحمۃ اللہ علیہ
☆	والدِ گرامی حضرت حافظ فقیر محمد قادری چشتی، اُن کی ہمشیرہ غلام عائشہ، پھوپھا جہانداد خان، والدہ ماجدہ فضل نیشاں اور اُن کے جملہ اجداد مسلمین و مسلمات رحمۃ اللہ علیہم
☆	والدِ گرامی کے جملہ دوست و احباب خصوصاً حاجی محمد شفیق رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کی زوجہ رحمۃ اللہ علیہا
☆	بندۂ ناچیز کے جملہ اساتذہ خصوصاً حضرت مولانا عبدالرحمٰن طاہر سورتی، عظیم مفسرِ قرآن الاستاذ محمد متولی الشعراوی، حافظ ریاض احمد اشرفی، حضرت صلاح الدین العراقی، حضرت حاجی محبوب علی چشتی اور استاد عبدالرحیم رحمۃ اللہ علیہم
☆	برادرِ بزرگ محمد نصیر احمد قادری چشتی رحمۃ اللہ علیہ، ہمشیرہ پروین اختر رحمۃ اللہ علیہا المعروف پروین گوڈو
☆	بندہ کے اکلوتے ماموں غلام مصطفیٰ، ممانی فضیلت جان اور خالہ شاہجہان رحمۃ اللہ علیہم
☆	بندہ کے سسر محمد بوستان خان و بندہ کی خوش دامن مسمات نور جان اور اُن کے دو صاحبزادے عبدالرشید و محمد فاروق رحمۃ اللہ علیہم
☆	بندہ کے بہنوئی محمد اسلم رحمۃ اللہ علیہ اور اُن کے بھتیجے محمد داؤد رحمۃ اللہ علیہ
☆	بہنوئی ذکاوت اللہ مغل کے والدِ گرامی حاجی محمد انور مغل، اُن کی زوجہ مرحومہ اور اُن کے جواں سال بیٹے محمد ناصر مغل رحمۃ اللہ علیہم
☆	اس بندہ کے جملہ دوست و احباب خصوصاً راجہ محمد ریاض بھیالوی رحمۃ اللہ علیہ، حافظ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ (کوچہ شاہین صدر)
☆	بندہ کے جملہ محسنین بالخصوص بریگیڈیئر داؤد احمد الصام رحمۃ اللہ علیہ
☆	درُود و سلام کی خوشبو بکھیرنے اور گلدستے تقسیم کرنے والے جناب محمد ذیشان انجم قادری کے والدِ گرامی راجہ علی اصغر قادری شاذلی رحمۃ اللہ علیہ

یا ارحم الراحمین! نبی اکرم ﷺ کے طفیل درُود و سلام کے اس ادنیٰ خادم اور اُس کے اہلِ خانہ کا خاتمہ ایمان اور خیر پر فرمانا اور آپ ﷺ کی شفاعتِ کبریٰ نصیب فرمانا۔ آمین بجاہ سید المرسلین ﷺ

12 میلاد النبی ﷺ 1436ھ

4 جنوری 2015ء

آپ کی دعاؤں کا طالب

خادمِ درُود و سلام

افتخار احمد حافظ قادری

آپ کی دعاؤں کا طالب

خادمِ درُود و سلام و مصنفِ کتب "زیاراتِ مقدسہ"

افتخار احمد حافظ قادری

افشاں کالونی، راولپنڈی کینٹ۔

: 0092-3445009536, 0092-3475239700
: 0092-51-5510854, 0092-51-5171642
: www.salat-o-salam.com
: facebook/salat.o.salam
: www.ziarat-e-muqadisa.com
: facebook/ziarat.e.muqadisa
: facebook/iftakhar ahmad hafiz qadri
: iftakharahmad1112@gmail.com

No.F.5-6/2013-DBNB

GOVERNMENT OF PAKISTAN

NATIONAL HISTORY & LITERARY HERITAGE DIVISION

NATIONAL LIBRARY OF PAKISTAN

Islamabad 03, April, 2019

Subject:- **ACKNOWLEDGE RECEIPT.**

Dear Sir,

I acknowledge with thanks the receipt of the following books/brochures delivered to National Library of Pakistan under Copyright Law:

تعداد کتب	سال اشاعت	نام مصنف	نام کتاب	نمبر شمار
01	1999	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مقدسہ (تحریر و تصاویر)	-1
01	2000	افتخار احمد حافظ قادری	سفرنامہ ایران و افغانستان (تحریر و تصاویر)	-2
02	2000	افتخار احمد حافظ قادری	زیارتِ حبیب ﷺ	-3
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	ارشاداتِ مرشد	-4
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	خزانۂ دُرود و سلام	-5
01	2001	افتخار احمد حافظ قادری	دیارِ حبیب ﷺ (تحریر و تصاویر)	-6
02	2001	افتخار احمد حافظ قادری	گلدستۂ قصائدِ مبارکہ	-7
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	قصائدِ غوثیہ	-8
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرزمینِ انبیاء و اولیاء (تصویری البم)	-9
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات اولیائے پاکستان (تصویری البم)	-10
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہِ غوث الثقلین رضی اللہ عنہ	-11
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	سرکارِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ	-12
01	2002	افتخار احمد حافظ قادری	مقاماتِ مبارکہ آل و اصحابِ رسول ﷺ	-13
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شام (تصویری البم)	-14
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات شہر رسول ﷺ (تصویری البم)	-15
01	2003	افتخار احمد حافظ قادری	اولیائے ڈھوک قاضیاں شریف	-16
02	2005	افتخار احمد حافظ قادری	فضیلتِ اہل بیتِ نبوی ﷺ	-17
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	زیارات مصر (تحریر و تصاویر)	-18
01	2006	افتخار احمد حافظ قادری	بارگاہ پیر رومی میں (تحریر و تصاویر)	-19

20-	سفرنامہ زیاراتِ مراکش (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
21-	زیاراتِ مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
22-	زیاراتِ ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2008	01
23-	زیاراتِ اولیائے کشمیر (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
24-	گلدستہ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2009	01
25-	تکمیل الحسنات	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
26-	انوار الحق	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
27-	خزینۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
28-	فرموداتِ حضرت داتا گنج بخش ؒ	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
29-	التفکر والاعتبار	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
30-	70 صیغہ ہائے دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2010	01
31-	ورفعنا لک ذکرک (92 صیغہ ہائے دُرود و سلام)	افتخار احمد حافظ قادری	2011	01
32-	زیاراتِ ایران (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2012	01
33-	سفرنامہ زیارتِ ترکی (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
34-	کتابچہ حضرت دادا ابرار ؒ	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
35-	ہدیۂ دُرود و سلام	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
36-	سفرنامہ زیاراتِ عراق و اُردن (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
37-	دُرود و سلام کا نادر و انمول انسائیکلوپیڈیا (جلد اول و جلد دوم)	افتخار احمد حافظ قادری	2013	01
38-	سدرۃ شریف تا مدینہ منورہ (تحریر و تصاویر)	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
39-	شانِ بتول ؓ بزبانِ رسول ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2014	01
40-	الصلوات الالفیۃ/صلوات النبویۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2015	01
41-	شانِ علی ؓ بزبانِ نبی ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
42-	عظائم الصلوات والتسلیمات	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
43-	شانِ خلفائے راشدین ؓ بزبانِ سید المرسلین ﷺ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
44-	سیدنا حمزہ بن عبدالمطلب ؓ	افتخار احمد حافظ قادری	2016	01
45-	الصلوات الالفیۃ بأسماء خیر البریۃ	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01
46-	سفرنامہ زیاراتِ ازبکستان	افتخار احمد حافظ قادری	2017	01

01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	شاہِ حبشہ حضرت اصحمۃ النجاشی رضی اللہ عنہ	-47
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ زیارتِ ترکی	-48
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	صلاۃ وسلام برائے زیارت خیر الانام ﷺ	-49
01	2017	افتخار احمد حافظ قادری	سفر نامہ زیارت شام	-50
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	سیدنا ابوطالب رضی اللہ عنہ	-51
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	الفية الصلوات على فخر الموجودات	-52
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	مناقب والدین مصطفیٰ کریم ﷺ	-53
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	حیات انور	-54
01	2018	افتخار احمد حافظ قادری	شہزادیٔ کونین علیہا السلام	-55
01	2019	افتخار احمد حافظ قادری	مومنین کی مائیں	-56

2. These valuable books have been added in the National Library Collection. The readers of the Library will get Knowledge and information from these books. I hope that National Library of Pakistan will receive all forthcoming publications in future.

With regards,

Yours sincerely

3/4/2019

(Muhammad Riaz)
Assistant Director/Delivery of Books &
Newspapers Branch

Iftakhar Ahmad Hafiz Qadri,
House 999/A-6, Street No.9,
Afshan Colony,
Rawalpindi Cantt.
Cell: 0344-5009536

مختصر تعارف

افتخار احمد حافظ قادری شاذلی، راولپنڈی

ملازمت

- پاکستان میں موجود غیر ملکی سفارت خانوں (شام، لبنان، قطر، سعودی ملٹری اتاشی) میں تقریباً 20 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔
- سعودی عرب (وزارت دفاع، ابواب الروضۃ، تیمورک العربیۃ السعودیۃ) میں تقریباً 10 سال بطور معاون عربی زبان واکاؤنٹس میں خدمات سرانجام دیں۔

فوجی اعزازات (ایوارڈز)

- سعودی وزارت دفاع، ریاض میں بطور سعودی یونیفارم پرسن خدمات سرانجام دیں اور دوران ملازمت حکومت سعودیہ کی طرف سے 2 فوجی ایوارڈز سے نوازا گیا۔

لسانیات

- پاکستان میں سعودی عرب کے ثقافتی سنٹر "مرکز تعلیم اللغة العربیة" سے عربی زبان کا دوسالہ کورس مکمل کیا۔
- سفارت خانہ ایران کے زیرانتظام ثقافتی سنٹر خانہ فرہنگ ایران سے فارسی زبان کا ایک سالہ ایڈوانس کورس مکمل کیا۔

زیارت مقدسہ کے اسفار

- وطن عزیز میں موجود زیارت مقدسہ کے علاوہ 11 بلاد اسلامیہ (حجاز مقدس/ شام/ مصر/ مراکش/ ایران/ عراق/ اردن/ لبنان/ افغانستان/ ترکی) میں کئی کئی بار زیارت مقدسہ پر حاضری کے لئے طویل ترین سفر طے کئے اور ان سفروں کے نتیجے میں کئی سفرنامے منظر عام پر آئے۔

تحریری کاوشیں

- الحمدللہ! اب تک 60 کے قریب کتب شائع ہو چکی ہیں جن میں بلادِ اسلامیہ میں زیارتِ مقدسہ کے سفرنامے، شخصیات (خاتونِ جنت سیدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا، سیدنا علی کرم اللہ وجہہ، سیدنا حمزہ رضی اللہ عنہ، خلفائے اربعہ، شاہِ حبشہ) اور درود و سلام کی کتب سرِفہرست ہیں۔

مضامین و مقالات

- روزنامہ نوائے وقت، الاخبار، اوصاف، دی نیشن، مجلّہ ضیائے حرم، فیضانِ سدرۃ، پیغامِ آشنا، نورالحبیب، کاروانِ قمر، طلوعِ مہر اور آئینہ کرم کے علاوہ دیگر کئی رسائل و جرائد میں 100 سے زائد مضامین و مقالات شائع ہو چکے ہیں۔

عالمی کانفرنسز میں شرکت

- سال 1983 اور سال 1984 میں وزارتِ سائنس و ٹیکنالوجی کی طرف سے OIC کے زیرِ انتظام دو بین الاقوامی کانفرنسز میں بطور معاون عربی زبان شرکت کی۔
- اکتوبر 2007 میں سرزمینِ ایران میں حضرت مولانا جلال الدین رومی رحمۃ اللہ علیہ پر منعقدہ عالمی رومی کانفرنس میں راولپنڈی ڈویژن کی طرف سے شرکت اور مقالہ پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مارچ 2008 میں یونیورسٹی آف سرگودھا میں انٹرنیشنل رومی کانفرنس میں شرکت اور مقالہ پڑھنے کا شرف حاصل ہوا۔

روحانی سعادتیں اور اعزازات کا حصول

- ستمبر 1996 میں 2 بار بیت اللہ شریف کے اندر حاضری کی سعادتِ عظمٰی نصیب ہوئی۔
- مرکزی مسجد حضور سیدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ میں 16 اکتوبر 2001 نمازِ فجر کی اذان دینے کی سعادت حاصل ہوئی۔
- مفتی اعظم عراق حضرت الشیخ السید عبدالکریم بیارہ رحمۃ اللہ علیہ کی 2 بار زیارت کا شرف حاصل ہوا، یہ وہ خوش نصیب شخصیت تھیں جنہیں سال 1932ء میں 2 صحابہ اکرام کے مزاراتِ مبارکہ کی منتقلی کے موقع پر ان کی زیارت کا شرف حاصل ہوا تھا۔

25/09/2019

التماسِ دُعا
معزز قارئین کرام سے درخواست ہے
کہ حضور پُر نور خاتم الانبیاء والمرسلین ﷺ کی
اُمتِ مرحومہ کی بخشش و مغفرت اور بلندی
درجات کیلئے دُعا فرمائیں اور بالخصوص
مصنف کتاب ہذا اور اُس کے مرحوم والدین
کریمین کے لئے بھی دُعاؤں کی درخواست
ہے۔شکریہ
افتخار احمد حافظ قادری